مجموعة بن لادن السعودية
SAUDI BINLADIN GROUP

Safety & Security Department السلامة والصحة المهنية

تحفظ اور
پیشہ وارانہ صحت کی
ضرورت

Safety & Security Department

مجموعة بن لادن السعودية

SAUDI BINLADIN GROUP

Safety & Security Department

سعودی بن لادن گروپ شعبہ حفاظت

اور تحفظ

تحفظ اور
پیشہ وارانہ صحت کی
ضرورت

اردو ترجمہ:

ڈاکٹر محمد خالد مبشر الظفر

فہرست

موضوع	صفحہ نمبر
پیشہ ورانہ تحفظ	5
حفاظتی نظم و انصرام	13
حفاظتی نشستیں	14
حفاظتی خامیاں اور صحت	15
شخصی حفاظتی آلات	19
گرنے سے حفاظت	26
برقی خطرات سے تحفظ	
ویلڈنگ اور کٹنگ کے دوران حفاظت	35
کھدائی اور تحفظ	42
انبار اور تحفظ	
دستی اوزار کے خطرے	49
کیمیای ذخیرہ اندازی اور اسکے استعمال کے دوران تحفظ	51
صحت کا تحفظ	
فطری انسانی نقصانات کے مقابل حفاظت	55
کرین کے استعمال میں حفاظتی تدابیر	57
آلات اور سواریوں کو حفاظت سے چلانے کی تدابیر	59
آلات اور سواریوں کو حفاظت سے چلانے کی تدابیر	61
تنگ جگہ اور تحفظ	66
اگ سے تحفظ	69
مچان بندی	82
کام کے خطراتِ کا جائزہ	125
ناگہانی حالاتِ کی منصوبہ بندی	138
کام اور حادثات	145

تمہید

''پیشہ وارانہ تحفظ'' محض چند حروف کا مجموعہ یا نقش نہیں ہے بلکہ یہ ایک مکمل سائنسی نظام ہے جس کا بنیادی مقصد خطرات کار (Work Hazards) سے انسان کی حفاظت اور خیر و عافیت کی برقراری ہے۔ اس طرح ہم اچھے ساتھی تیار کرنے کے لیے مصروف عمل ہیں ۔

<u>پہلے تحفظ (بچاؤ)</u>

خود حفاظتی آلات ہی بچائو کی آخری ڈھال ہیں ۔ اس لئے یہ بات سب سے اہم ہے کہ ہم خطرات کار کے بارے میں مکمل عبور حاصل کرکے ان پر قابو پاتے ہوئے اپنے بچاو کا قابل لحاظ اہتمام کرلیں ۔ حادثات سے پاک ریکارڈ پانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم کام کے مقام ، تعمیراتی سرگرمیوں ، ان کے ساتھ منسلک زبردست خطرات اور اقل ترین قیمت اور کم سے کم وقت میں ان کے متعلقہ حل کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرلیں ۔

اس دستی کتابچہ کی تیاری کے پیچھے ہمارا اصل مقصد یہ کہ ہم اپنے عملہ (اسٹاف) اور ذیلی گتہ داروں (Sub Contractors) میں تحفظ سے متعلق معلومات کے میدان میں تیاری کے سلسلہ میں اپنا حصہ ادا کرسکیں ۔ ہم نے انہی مقاصد پر مبنی بعض جرائد اور طباعتی مواد بھی تیار کیا ہے ۔ اس کتابچہ میں بچائو اور تحفظ سے متعلق بنیادی معلومات موجود ہیں اور تفصیلات کے لیے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ شعبہ بچاو اور تحفظ کے صدر دفتر یا آپ کے اپنے پروجکٹ پر موجود حفاظتی انجینئروں سے رابطہ پیدا کریں۔

شعبہ تحفظ وبچاو (ایس بی جی-اے بی سی ڈی)

پیشہ وارانہ تحفظ کیا ہے ؟

تمہید:۔

کام کے مقام پر دیگر افراد ، اوزار ، آلات ، سامان اور کام کے طریقوں کے ساتھ وابستگی اور تعلق کے حوالے سے یہ ہر شخص کی ذمہ داری ہے ۔

پیشہ وارانہ تحفظ کی اہمیت پیداوار کے معیار اور قیمت سے کم نہیں ہے ۔اور اسی لئے تحفظ سے متعلق معلومات تمام کارکنوں (Workers) کے لیی ہمیشہ ضروری ہیں ۔ انہیں مناسب تربیت اور عملہ کے نظم و انصرام (مینجمنٹ) پر قابو پاتے ہوئے حاصل کیا جانا چاہئے۔

پیشہ وارانہ تحفظ کی تعریف :۔

محفوظ کام کے ماحول کی فراہمی تا کہ خطروں کو دور کرتے ہوئے عملہ کے تمام افراد کو حادثات اور جائیداد کے نقصان کے بالمقابل تحفظ کی فراہمی ۔

پیشہ وارانہ تحفظ کا مقصد :۔

درج ذیل کے ذریعہ حادثات اور زخموں کے بغیر پیداوار تک رسائی ۔

(الف) افراد کا تحفظ

(۱)۔ کام کے مقام سے خطرات کو دور کریں (دفع)

(۲)۔ خطرات کو کم سے کم کریں (تخفیف)

(۳)۔ خود حفاظتی آلات فراہم کریں ۔(فراہمی)

مندرجہ بالا نکات کا تحفظ کے ساتھ ترتیب وار تعلق ہے ۔؛ یعنی دفع۔ تخفیف ۔ اور فراہمی (دت ف) ۔

مثال کے طور پر کانوں کا تحفظ مفس (Muffs) کے ذریعہ تا کہ اونچی آوازوں وغیرہ میں کمی ہو اسی طرح فلٹر کیا ہوایعنی چھنی ہوی مصنوعی تنفس کا آلہ (Filtered Respirator) وغیرہ۔

(ب) کام کے محفوظ ماحول کی فراہمی ۔

تحفظ جائیداد

بشمول عمارتوں کے دیگر ضروریات کا تمام خطرات مثلاً آگ سے ہونے والی ٹوٹ پھوٹ اور ٹکرائو وغیرہ سے تحفظ

پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی نظام کو اپنانے سے کام پر ہونے والے نتائج

راست نتائج:

امکانی خطرات کو معلوم کرکےاوران سب کاحل تجویز کرکے۔

۱۔ عام حادثات اور ساتھ ہی ساتھ پیشہ وارانہ بیماریاں کم ہوں گے۔

۲۔ خطرناک حادثات کو کم سے کم کیا جاسکے گا۔

بالواسطہ نتائج :

کم حادثات کے ساتھ ہم قابل مزدوروں کو محفوظ رکھ سکیں گے اور پیداوار اور معیشت کو برقرار رکھیں گے ۔

۱۔ پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی نظام پرہونے والا خرچ حادثات سے ہونے والے نقصان کے مقابلے میں کافی کم ہوتاہے ۔

بڑی مشینوں سے ہونے والے حادثات کو کم کرکے ، حادثات کی درستی میں استعمال ہونے والی رقم سے نئی مشینیں خرید ی جاسکتی ہیں اور اس طرح کارکردگی کو بڑھایا جاسکتا ہے ۔

درج بالا نتائج کے حصول کے لئے ہمیں درج ذیل کام کرنے ہوں گے ۔

۱۔ محفوظ تکنیکی منصوبہ کے ذریعے نقصانات کو کم کرنا ہوگا ۔

۲۔ پہلے نکتہ کے تحت چلنے کے لیےضروری قوانین وضع کرنے ہوں گے ۔

۳۔ محفو ظ آلات سے لدی ہوئی تعمیرات کو تیار کرنا ہوگا۔

٤۔ مناسب اندرونی و بیرونی تربیت کے ذریعے عملہ کی تیاری

٥۔ بہترسے بہتر تحفظاتی عملہ کی بھرتی

٦۔ تمام مزدوروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کو تحفظ سے متعلق رہنمائی و بیداری ۔

۷۔ ماضی میں ہوئے حادثات سے سبق سیکھنا اور مستقبل میں انہیں دہرانے سے بچنا

۸۔ تربیتی شعبہ کی مدد کرنا تا کہ بہتر تحفظاتی نتائج حاصل کئے جاسکیں

۹۔ وقفوں کے ساتھ آلات اور طریقہ کار کی جانچ کرنا

۱۰۔ مقامی و بیرونی ڈھانچوں کے وضع کردہ اصولوں پر مکمل عمل آوری و پابندی کرنا

۱۱۔ تحفظاتی اصولوں کی پامالی کے صورت میں متعلقہ تحفظاتی سپروائزر یا انجینئر کو کام روکنے کا اختیار دینا ۔

۱۲۔ تحفظاتی اصولوں کی پامالی کرنے والوں بشمول ذیلی ٹھیکیدارو ں پر ضابطہ کی کاروائی کی جائے ۔

۱۳. اعلی معیار کئ تمام ذاتی تحفظ کے آلات فراہم کیےجائیں ۔
۱٤۔ امکانی نقصانات کا اندازہ کیا جائے اور ان کا تجزیہ کیا جائے ۔
۱۵۔ مزدوروں اور ان کے نمائندوں سے مستقل ربط رکھا جائے ۔

ذمہ داریاں

ذمہ داریوں کی تقسیم اور احتساب کسی بھی منصوبہ کی کامیابی کی کنجی ہیں ۔ مقصد یہ ہے کہ اعلیٰ معیار اور مناسب جانچ کو یقینی بنایا جائے ۔

تحفظ سبھی کی ذمہ داری ہے :

حفاظتی دستہ کی ذمہ داریاں

۱۔ اندرونی و بیرونی تحفظ کے اصول و ضوابط اور قانون کا علم ہو ۔
۲۔ حفاظتی اصولوں کا نفاذ
۳۔ حفاظتی قوانین کی مکمل پاسداری
٤۔ حفاظتی اصولوں کی پامالی کی فوراً اطلاع کرنا ۔
۵۔ ذاتی تحفظ آلات یا PPEکے مکمل استعمال کو یقینی بنانا۔
٦۔ مزدوروں کے ذریعے حفاظتی اصولوں کی عمل آوری کو یقینی بنانا۔
۷۔ امکانی نقصانات کے تحقیق و تجزیہ اور اس کے حل

٤۔ صحت کے لیے نقصانده ماحول کے جایزہ کے لیے کھانے اور صحت کے مقامات کا معائنہ کرنا اور انہیں طبی مشورے دینا ۔

تحفظ نہ صرف حفاظتی دستہ کی بلکہ تمام لوگوں کی ذمہ داری ہے

تحفظ کے لئے پروجیکٹ منیجر کی ذمہ داریاں :

۱۔ حفاظتی دستہ کے مطالبات کو مثبت انداز میں سننا اور ان کےساتھ مکمل طور پر تعاون کرنا ۔
۲۔ حفاظتی دستہ کے تمام فیصلوں بشمول " غیر محفوظ کام کی روک" میں مکمل تعاون کرنا ۔
۳۔ حفاظتی اصولوں کو پامال کرنے والوں کے خلاف ضابطہ کی کارروایيانکرنا
٤۔ کسی کام شروع کرنے سے پہلے تحفظاتی ضروریات کو یقینی بنانے مزدوروں کے ذمّہ داروں کے ساتھ سختی برتنا
۵۔ ذاتی حفاظتی اور دیگر اشیا مثلاً : خطرہ کےنشان (Warning Signage) وغیرہ کے لیے ضروری فنڈز سے گریز کیجیے

٦۔ حادثات و نا گہانی حالات میں تحفظاتی دستہ کے ساتھ حاضر رہیں۔

ذیلی ٹھیکیداروں کی ذمہ داریاں

١۔ حفاظتی دستہ کو مکمل تعاون دینا اور ان کی ہدایات پر عمل کرنا ۔

٢۔ حفاظتی اصولوں کی پامالی کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے انہیں خارج کرنا ۔

٣۔ مزدوروں کے لیے ذاتی تحفظاتی آلہ (PPE) مہیا کرانا ۔

مزدوروں کی ذمہ داریاں

١۔ کام کی شروعات سے پہلے PPEپہن لیں ۔

٢۔ خود کے اور دوسر وں کے تحفظ کے لیے بتائے گئے رہنما خطوط پر عمل کرنا ۔

٣۔ خود کویا دوسروں کوکسی غیر محفوظ صورت حال کا سامناہے تو اس کی اطلاع دینا۔

حفاظتی تربیت اور بیداری ''حفاظت ، علاج سے بہتر ہے '':

حادثات سے بچانے ، حفاظت کے معیارات کی بہتری ا ور عام معلومات کے اضافہ اور پیشہ وارانہ صحت اور تحفظ سے متعلق جانکاری کے حصول میں" حفاظتی تربیت و بیداری" کا اہم حصہ ہوتاہے۔ انہیں لیکچر ، ماہنامے اور برسر روز گار تربیت سے حاصل کیا جاسکتا ہے ۔اس کا اہم مقصد چوٹ کے وقت میں کمی (LTI) اور محفوظ کام کا ماحول فراہم کرنا ہے ۔ اطلاع نامےدرج ذیل چیزوں پر محیط ہو ں۔

- حفاظت کے تمام پہلو
- چھوٹے اور موثر پیغامات
- تمام اطلاعات بہترین رنگ اور تحریر سے مزین ہوں
- انہیں نمایاں جگہوں پر چسپاں کیا جائے

حفاظتی نظم و انصرام

جائے مقام پر حفاظت کے مقاصد :

١۔ جائے مقام پر حفاظتی نظم قائم کرنا ۔

٢۔ جان و مال کی حفاظت ۔

٣۔ صاف صفائی کے اعلیٰ معیار کو قائم کرنا ۔

٤۔ دوسرے شعبہ سے اچانک بلائے جانے پر مناسب انداز میں ساتھ دینا ۔

۵۔ مناسب تربیت کے ذریعے حفاظتی دستے کو ترقی دینا ۔
٦۔ حفاظتی انتظامات کو بڑھانا ۔

۷۔ ہر منزل میں حفاظتی انتظامات کی منصوبہ بندی کرنا ۔
۸۔ حفاظتی نظام پر مستقل نظر رکھنا ۔

۹۔ حفاظتی منصوبہ کو مختلف حکام سے باہم مربوط کرنا جیسے ناگہانی حالات میں پولیس وغیرہ سے رابطہ ۔

۱۰۔ تمام حفاظتی انتظامات کی مسلسل تشخیص کرتے رہنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ قابل استعمال رہیں ۔

۱۱۔ وزیر صحت سے رابطہ کرنا اور ملازمین کی حفاظت و بہبود کو یقینی بنانے کی جانب متوجہ رہنا ۔

۱۲۔ نظر نہ آنے والے خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے منصوبہ بند رہنا ۔

۱۳۔ حادثات کی خبر کرنا اور وہ دوبارہ نہ ہوں اس کی تدابیر کرنا ۔

۱٤۔ آمد و رفت کو قابو میں رکھنا اور داخلہ کا اجازت نامہ جاری کرنا ۔
۱۵۔ جائے مقام پر آبادی پر قابو کرنا ۔
۱٦۔ نیلی ٹھیکیداروں کے ملازمین اور گھس کر آنے والوں پر نظر رکھنا ۔

۱۷۔ حفاظتی ملازمین کی تعطیلات اور کام کا نظام الاوقات ترتیب دینا ۔
۱۸۔ دوروں کا نظام الاوقات طئے کرنے میں دوسروں کی مدد کرنا ۔

کو یقینی بنانا ۔
۸۔ وقفہ جاتی جانچ کروانا ۔

۹۔ باہرنکلنے کے تما م راستوں اورآگ کا مقابلہ کرنے والے آلات کی وقفہ وقفہ ج سے جانچ کروانا۔
۱۰۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ نوبھرتی شدہ نے کام کے آغاز سے پہلے مناسب تربیت حاصل کرلی ہے ۔
۱۱۔ حفاظت کے ذرائع ، آلات اور ان کے استعمال کا علم ۔
۱۲۔ مزدوروں کی حفاظت سے متعلق شکایات کا جائزہ ۔
۱۳۔ حادثات ، تحقیقات، وجوہات اور سیکھے ہوئے سبق کا علم ۔
۱٤۔ تحفظاتی حادثات کی رپورٹ اور اس کا فالواپ ۔
۱۵۔ تحفظاتی اصولوں کی پامالی کرنے والوں پر ضابطہ کی کاروائی کرنا ۔

کام کے مقام پر طبی خدمت گار کی ذمہ داریاں

عام بیماریوں اور زخموں کے علاج سے متعلق پہلے سے عاید ذمہ داریوں کے علاوہ اس کو درج ذیل طبّی ذمہ داریاں بھی انجام دینا ہوگا۔
۱۔ دوسروں کے ساتھ ممکنہ نقصانات اور ان کے حل کا پتہ لگانا ۔
۲۔ تمام عملہ کی وقفہ جاتی طبّی تشخیص کرنا ۔
۳۔ بنیادی طبّی سہولیات اور آلات بشمول ایمبولنس کو مہیا کرانا تا کہ ہاسپٹل لے جانے سے پہلے احتیاطی تدابیر کی جاسکیں ۔

حفاظتی نشستیں:

۱۔ حفاظتی انتظامیہ کی نشستیں

حفاظتی مینیجر حفاظتی انجینئروں کے ساتھ ہفتہ وار نشست کا انعقاد کرے گا۔

۲۔ حفاظتی دستہ کی نشستیں

جائے مقام حفاظتی انجینئر تمام حفاظتی حکاّم کے ساتھ ہفتہ وار نشست کرے گا جس میں جائے مقام کے انتظامی امور زیر بحث رہیں گے۔

۳۔ کام کے آغاز سے پہلے نشست

درج ذیل صورتوں میں حفاظتی انجینئر یا ان کا نائب کام کی شروعات سے پہلے ذیلی ٹھیکیداروں اور ان کے ملازمین کے ساتھ نشست کرے گا ۔

- ناگہانی صورتحال
- نیا کام یا نئے آلات کی معلومات

پیشہ وارانہ صحت و حفاظت کے قوانین :

SBGکے حوالہ جات یہ ہیں :
۱۔ سعودی وزارت برائے سماجی تحفظ کے ذریعے طئے کردہ تحفظاتی قوانین و ضوابط ۔

۲۔ OSHAکے رہنما خطوط برائے پیشہ وارانہ صحت و حفاظتی نظام کے مقاصد :

: OSHA

Occupational Safety & Health Administration

یعنی پیشہ وارانہ حفاظت و نظام صحت

- بزنس اونرز اور مزدوروں کی تعداد میں اضافہ کرناتاکہ تحفظ اور پیشہ وارانہ صحت کے پروگراموں کے ذریعہ چوٹ کے وقت میں کمی (LTI) کی جاسکے۔
- حادثات کا ریکارڈ آئندہ فالواپ کے لئے رکھنا ۔
- حالات سے سیکھے ہوئے سبقوں کی بنیاد پر حفاظتی بیداری مہم کی تیاری کرنا ۔
- کام کرنے کے لئے حفاظتی پروگرام بنانا ۔
- حفاظتی ذمہ داریاں اور تدارک کے طریقہ کار کو واضح کرنا

مزدوروں کے قانون کے حوالے سے حفاظتی و پیشہ وارانہ صحت کے درج ذیل اصول ہیں ۔

۱۔ تجارت کا مالک :-

- تمام ملازمین کو محفوظ کام کے حالات میسّر کرنا ۔
- حفاظتی و پیشہ وارانہ صحت کے لیے بتائے گئے طریقہ پر عمل کرنا ۔

۲۔ ملازمین

تمام ملازمین پر لازم ہوگا کہ وہ حفاظتی و پیشہ وارانہ صحت سے متعلق قوانین و ہدایات کی پابندی کریں ۔

جاے تعمیر کے حفاظتی ضروریات

۱۔ کام شروع کرنے سے پہلے ذاتی حفاظتی کپڑے و آلات پہن لیں ۔
۲۔ حفاظتی ہدایات پر عمل کریں ۔
۳۔ خود یا دوسروں کے ساتھ درپیش غیر محفوظ حالات کی اطلاع دیں ۔
۴۔ حادثہ کی صورت میں سکون کے ساتھ دی گئی ہدایات پر عمل کریں ۔
۵۔ نو کیلے اور خطرناک ہتھیاروں کو کھلی زمین پر اور بغلی راستوں میں نہ رکھیں
۶۔ صفائی کا خاص خیال رکھا جائے چونکہ گندگی سے حادثات بڑھتے ہیں ۔

٧۔ باہر نکلے ہوئے کیلوں کو ہٹاد یا جائے ۔
٨۔ گندگی کو مناسب انداز میں کچرے دان میں ڈال دیں۔
٩۔ تمام ملازمین آپس میں اچھے اخلاق اور احترام سے پیش آئیں بد تمیزی سے گریزکریں ۔
١٠۔ کوئی بھی آگ کے حفاظتی آلات جیسے آگ بجھانے کا آلہ اشتہارات ،خبردار کرنے والے پیغامات سے کھلواڑ نہیں کرے گا۔
١١۔ کام کے اوقات میں سونا منع ہے ۔
١٢۔ تھکاوٹ کی صورت میں مناسب آرام کریں ۔
١٣۔ ایسی کوئی صورت یا واقعہ جس سے حادثہ ہوسکتا ہے اس کی فورًا خبر کریں ۔
١٤۔ جائے مقام پر سگریٹ نوشی و ماچس کا استعمال نہ ہو۔
١٥۔ کسی کو بھی تحریری اجازت کے بغیر کو ئی مشین چلانے کی اجازت نہ ہوگی
١٦۔ کام کے اوقات میں یا ڈرائیونگ کرتے ہوے موبائیل کا استعمال منع ہے ۔
١٧۔ بجلی کے آلات کے ساتھ کھلواڑ یا بغیر اجازت بجلی کے تاروں کو لگانا سخت منع ہے

١٨۔ جائےمقام پر کیمرہ اور ریڈیو لے جانا منع ہے۔
١٩۔ آلات کو زیادہ دیر تک چالو نہ رکھا جاے۔
٢٠۔ تمام بے کار آلات و اشیاء کو جائے تعمیر سے فوری ہٹا دیاجاے۔
٢١۔ آتش گیر اشیاء کو متعینہ مقام پر رکھا جاے۔



شخصی ذاتی حفاظتی آلات
(PPE)

مقاصد:

حادثہ سے بچنے کے آخری ہتھیار کی بھی مکمل وضاحت -

ذمہ داریاں :

تمام ملازمین کام کی شروعات سے قبل PPEپہن لیں -

عام ہدایات :

١. پہلے امکانی خطرات کوواضح کیا جائے پھر متعلقہ حفاظتی لباس دیا جائے

٢. مقامی حکام سے توثیق شدہ PPEاستعمال کیا جائے جو امریکی قومی تحفظاتی ادارے سے مطابقت رکھتا ہو -

٣. آپ ایسا PPE پہنیں جو آپ کے لیے مناسب تر ہو-

٤. جو لوگ عمل تنفس کا PPEاستعمال کرتے ہیں وہ سالانہ طبّی جانچ کرالیں -

٥. جو لوگ PPEاستعمال کر رہے ہیں انھیں مناسب تربیت دی جائے -

٦. ذخیرہ کے لیے PPE کو صاف پلاسٹک کی تھیلیوں میں خصوصی توجہ کے ساتھ رکھا جائے -

١. سر کی حفاظت

(الف) سر پر اچانک لگنے والی مار یا زور سے گرنے والی اشیاء سے حفاظت کے لیےپلاسٹک سے بنی سخت ٹوپیاں استعمال کی جائیں -

- کام میں مصروف تمام افراد مضبوط ٹوپیاں پہن لیں-
- مضبوط ٹوپیاں اندرونی طور پر نرم گدوں پر مشتمل ہوں جو جھٹکوں سے سر کی حفاظت کرسکیں- اس نرم گدے کی خرابی حفاظت کو غیر محفوظ کردیتی ہے-
- ہیلمٹ کے استعمال سے پہلے اس کی جانچ کرلیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس کے جوڑ اور بندشیں ٹھیک سے لگی ہیں-
- کچھ مضبوط ٹوپیاں ایلو مینیم کی بنی ہوتی ہیں بجلی کے کام کے وقت ان کواستعمال نہ کیا جائے -

۲۔ چہرے اور آنکھ کا تحفظ

محفوظ عینکوں اور چہرے کو بچانے والے حفاظتی گلاسیس یا عینکوں کا استعمال کیمیائی اور میکانیکی کے نقصانات سے بچاتا ہے ۔

مزدور جنہیں آنکھ اور چہرے کے حفاظتی آلات استعمال کرنے کی ضرورت پڑتی ہے-

۱۔ وہ مزدور جو کاٹنے اور پلٹنے کا کام کرتے ہوں ۔
۲۔ جو کیمیائی اشیاء کا استعمال کرتے ہوں ۔
۳۔ حرارتی سرگرمیوں سے وابستہ۔
٤۔ ایسے کام جن سے دھول پیدا ہوتی ہو۔
۵۔ ویلڈنگ کے کام کرنے والے ۔

3 کانوں کی حفاظت

وہ ملازمین جو ۸۵ dBaیا اس سے زیادہ شور والے ماحول میں کام کرتے ہیں ان کے لیے کانوں کا حفاظتی لباس ضروری ہوتا ہے حفاظتی سپروایزر آواز کی سطحوں کی جانچ کریں اور کانوں کے حفاظتی انتظام سے متعلقضروری PPEفراہم کریں ۔

٤۔ پیروں کی حفاظت

پیروں کے زخم بہت عام،ہیں اس لئے پیروں کے لیے حفاظتی جوتے لازمی ہیں ۔



حفاظتی جوتوں کی اقسام: ۔

چمڑوں کے حفاظتی جوتے :

اسٹیل کے پتر کی شیٹ کو استعمال کرکے تیار کیے ہوئے چمڑے کے جوتوں کو استعمال کیا جاسکتا ہے جو انگوٹھے اور پیر کے اگلے حصہ کےعلاوہ ناخنوں کے بھی حفاظت کا ذریعہ ہوتےہیں ۔

حفاظتی جوتے جو بڑی ربرکی دم کے ساتھ ہوتے ہیں :اس طرح کے جوتےگیلی جگہوں پرکام آتے ہیں مثلاً آگ بجھانےوالوں اور بجلی کے کام کرنے والوں کےزیر استعمال ربر کے جوتے۔

یہ سبھی برقی جھٹکوں سے بچانے میں مددگار ہوتے ہیں۔

ربر کے حفاظتی جوتے :

برقی جھٹکوں سے حفاظت کے لئے یہ جوتے بہترین ہوتے ہیں خصوصاً جہاں زیادہ برقی قوت کے کام ہوتے ہیں یہ نہایت ہی مناسب ہوتےہیں ۔

۵ .تنفسی نظام کا تحفظ

تنفسی تحفظ فراہم کرنے والے آلات کا استعمال ایسی جگہوں کے لیے ہوتا ہے جہاں آکسیجن کی کمی ہوتی ہے اور زہریلی گیسیں اور دھول سے صحت کو خطرہ ہوتا ہے ۔ ان آلات کا انتخاب فضاء کی نوعیت اورخطرہ کی شدّت کے معائنہ کے بعد کیا جاتا ہے ۔

تنفسی تحفظ فراہم کرنے والے آلات دو قسم کے ہوتے ہیں ۔

- ہوا پہنچانے والے آلات ۔
- ہوا کو خالص کرنے والے آلات ۔

حفاظتی رسی:

اس کا استعمال اونچائی پر کام کرنے والوں کی حفاظت کے لیے ہوتا ہے ۔ حفاظتی کمر بند کے متبادل کے طور پر پیراشوٹ بیلٹ استعمال کیے جاتے ہیں ۔

مزید تنگ جگہوں پر یا ٹینک کے اندر کام کرنے والوں کے لیےبھی اس کا استعمال ہوتا ہے تا کہ کسی بھی ناگہانی واقعہ کے شکار کو بچایا جاسکے ۔





ہاتھوں کی حفاظت:

ہاتھوں کی حفاظت کے لیے مختلف قسم کے دستانوں کا استعمال ہوتا ہے ۔

کپڑے یا چمڑے کے دستانے جو نوکیلے اور تیز دھار چیزوں سے حفاظت کرتے ہیں

جیسےPVCاور Latexدستانہ وغیرہ ۔

نیوپرین دستانہ جو کیمیائی و تیزابی مادّوں سے حفاظت کرتے ہیں -

حرارت امدادی دستانے جو ویلڈنگ اور گرم اشیاء کے ساتھ کام کے دوران استعمال ہوتے ہیں - مثلاً تجربہ گاہوں میں استعمال ہونے والی تبخیری نلیاں یا کانچ کے گرم آلات-

جسم کا تحفظ:

شخصی حفاظتی آلات میں کپڑے ، تہہ بند، و اسکوٹ ، حفاظتی کمر بند کا استعمال انسانی جسم کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے لیے ہوتا ہے یا پیشہ وارانہ صحت کے لیےہوتاہے -

کچھ تہہ بند اور واسکوٹ جو چمڑے کے بنے ہوتے ہیں جسم کو کیمیائی عمل کے پھٹنے سے ہونے والے نقصان سے محفوظ رکھتے ہیں -

گرنے سے حفاظت :

تعمیراتی کام پرگرنے سے ہونے والے حادثات کی شرح بہت زیادہ ہے - اسی لیے OSHAاس کے لیے مکمل حل پیش کرتے ہیں کہ ٦" فٹ (١.٨میٹر) یا اس سے زیادہ اونچائی سے گرنے کے نتیجے میں ہونے والے حادثات سے حفاظت کے لیے درج ذیل ضروریات ہیں -

مضبوط چھت جو مناسب وزن کو سنبھال سکے اس بات کو یقینی بنانا مالک کا کام ہے -

مالک درج ذیل چیزوں کو بھی مہیاکرائے :

١. حفاظتی راستے کا نظام
٢. ذاتی گرنے پر گرفت کرنا
٣. مقام بتانے والے آلے کا نظام
٤. حفاظتی معائنہ کا نظام
٥. حفاظتی جال کا نظام
٦. آگاہ کرنے والی لکیر کا نظام

گارڈریل کا نظام:

گارڈریل بنانے میں استعمال ہونے والے پائپ کا قطریا موٹائی ٦سمرسے کم نہ ہو -

گارڈ ریل کا اوپری راستہ ، درمیانی راستہ ،اور پلیٹ فارم کی اونچائی بالترتیب ٤٢انچ ، ١٠١میٹر اور ٢١انچ ہو -

اوپری راستہ عمودی طور پر اس طرح کھڑا کیا جائے جس میں کم از کم ٢٠٠ lbs یا پاونڈ کا دباودونوں جانب پر ہو اور درمیانی راستہ دونوں جانب کا کم از کم ١٥٠ lbs دباوبرداشت کرسکتا ہو-

دو گارڈ ریل کے درمیانی سہارے کا فاصلہ ٨فٹ (m٢.٥) سے زیادہ نہ ہو -

تمام گارڈریل کےسامان کو اس طرح مزین کیا جاے کہ اس میں کہیں بھی تیز کنارے نہوں تاکہ گذرنے والوں کو زخمی ہونے سے بچایا جاسکے-

خود سے گرنے پر روک لگانے کا نظام:

یہ نظام سہاروں ، مواصلات ، زندگی کی لکیر اور حفاظتی کمر بند سے مل کر بنتا ہے تا کہ آدمی ٦فٹ (m١.٨) کے فاصلے سے نہ گرے ، اور اگر گربھی جائے تب درمیان میں ٹکرانے والی کوئی رکاوٹ نہ ہو -

گرنے پر گرفت کرنے والے نظام کے تمام عناصر کی مکمل جانچ ہونی چاہئیے اور خراب اجزاکو تبدیل کرکے نئے اجزاء کو استعمال کرنا چاہئیے -

گرنے پر گرفت کا نظام اس طرح سے ترتیب دیں کہ یہ زمینی سطح سے ٣.٥فٹ (m١.٠٧) کی اونچائی پر رک جائے (مین سے ٹکرانے نہ پائے) تا کہ تمام حلقے ، تصویری ہک اور گھنٹے ٥٠٠lbsسے کم قوت کو برداشت کرسکیں -

مقام بتانے والے آلہ کا نظام:

زمینی سطح سے ٢فٹ یعنی 60 سینٹی میٹرسے زیادہ اونچائی سے کوئی نہ گرنے پائے -

سہارے کی رسی کی گرہ کو اتنی مضبوطی سے باندھا جائے کہ وہ Impact Load یا ٣٠٠٠پاونڈ(دونوں میں جو بھی زیادہ ہو)وزن کو سنبھال سکے -

سہارے کی رسی کی لمبائی اتنی ہو کہ وہ زمینی سطح یا چھت تک نہ پہنچے -

حفاظتی معائنہ کا نظام:

گرنے سے حفاظت کے نظام میں جائے مقام پر ایک ماہر محافظ کا تعین کیا جائے جو غیر محفوظ صورت یا واقع پر آگاہ کرنے کے قابل ہو -

اس صورت میں حفاظتی منیجر کو محافظ کے لیے یقینی بنانا ہوگا کہ وہ درج ذیل شرائط کو پوری کرے -

وہ خطرناک مقامات کا پتہ لگانے میں ماہر ہو -

وہ دوسروں کو گرنے یا خطرہ سے آگاہ کرنے کے قابل ہو ۔

وہ ہمیشہ جائے مقام پر رہے اور پورے کام کی نگرانی کرے ۔

کسی بھی مزدور کو راست حکم دے سکے اور کلی طور پر حفاظتی انتظام کے لیے وقف ہو ۔

حفاظتی سپروائزر کے علاقے میں نہ ذخیرہ اندوزی کا سامان رکھا جائے اور نہ ہی کوئی میکا نیکی آلات رکھے جائیں ۔

حفاظتی جال کا نظام:

حفاظتی جال کو کام کی چھت کے قریب (۳۰فِٹ سے زیادہ جس کی دوری نہ ہو) نصب کیا جائے ۔

حفاظتی جال تصدیق شدہ معیاری اور ساتھ ہی بہترین حالت میں ہو ۔

حفاظتی جال کو ہفتہ واری جانچ ہو تا کہ اس کی مضبوطی کو یقینی بنایا جاسکے ۔

جا ل کے درمیان کھلے حصّہ کی زیادہ سے زیادہ ۳٦مربع انچ یعنی ٦انچ لمبی ہو ۔

جال کے رسی کی قوتِ مضبوطی ۵۰۰۰پاونڈ ہو ۔

جال کے نیچے کے حصّہ میں کوئی رکاوٹ نہ ہو جس سے گرنے والی شئے ٹکرا سکے ۔

جال کو ہر جانب سے پھیلا ہوا ہونا چاہیے۔

OSHAکے معیار کے مطابق درج ذیل طریقے سے قائم ہو۔

حفاظتی سپروائزر کے علاوہ کوئی اورشخص حفاظتی نگرانی والے علاقے میں نہ ہو ۔

کام کی سطح سے باہر جال کی وسعت کا فاصلہ	کام کی سطح اور جال کے درمیان فاصلہ
۸فٹ یا ۲.٤ میٹر	5فٹ یا 1.5 میٹر تک
10 فٹ یا 3 میٹر	۵تا ۱۰فٹ سے زیادہ
13 فٹ یا 3.9 میٹر	۱۰فٹ سے زیادہ

حفاظتی جال پر گرنے والے ریت کے تھیلے (180kg) یا400 پاونڈکے برابر وزن کے ٹکرائو کو برداشت کرسکے ۔ اور اس کا قطر ۳۰انچ کام کی جگہ سے ہوگا۔ اس کے بعد کا فاصلہ ٤۲انچ (۱.۱m) سے کم نہ ہو ۔

دوسرے کاموں کو شروع کرنے سے پہلے جال پر گری ہوئی اشیاء کو صاف کردینا چاہئیے۔

جال پر گرنے والی شئے کے ساتھ جال کی آزمائش چھ ما ہ کا وقفہ گزرنے کے بعد کرنا چاہیے اور بعد میں جال کی تنصیب کو یقینی طور پر ختم کیا جانا چاہیے ۔

متنبہ کرنے والی رسی کا نظام :

یہ نظام رسّی - تار-زنجیر اور کھونٹوں کے اجزا پر مشتمل ہوتاہے اور درج ذیل انداز میں پایا جاتا ہے ۔

انتباہی علامت کو واضح کرنا چاہیے اور ٦فٹ یا 1.8 میٹر کی تصویر ہونی چاہیے -

کام کرنے کی جگہ کی نچلی اور اوپری سطح سے بالترتیب ١ میٹر اور ٠.٩ میٹر کی اونچائی پر اسے لگایا جائے-

انتباہی علامت کے ہر ستونوں کو افقی طور پر لگایا جائے- ناکام ہونے سے پہلے b١٦١ سے زیادہ دباؤ نہ ڈالیں-

کم از کم lb٥٠٠وزن اٹھانے والے زنجیر ، تار اور رسوں کو لگایا جائے-

انتباہی پٹیوں کو کام کی جگہ پر چسپاں کیا جائے -

انتباہی پٹیاں کام کے احاطہ یا چھت سے ٦فٹ یا 1.8 میٹر کی دوری پر لگائی جائیں -

گرنے والے مادّوں اور اشیاء سے حفاظت :

گرنے والی اشیاء سے حفاظت کے لئے جب گارڈریل کا استعمال کیا جائے تو اس کا منہ چھوٹا ہوتا کہ اشیا ء اوپر سے راست نیچے نہ گرجائیں-

جب چھت اور پلیٹ فارم پر کام کیا جارہا تو کوئی بھی چیز چھت کے احاطہ سے ٦فٹ دوری پر رکھی جائے -

جب گرنے والے جسم کو جھیلنے کا پلیٹ فارم استعمال کیا جائے تب یہ پلیٹ فارم اس جسم کے وزن کو برداشت کرنے کے قابل ہو -

جب پیر کے نیچے والے تختے استعمال کیے جارہے ہوں تو ان تختوں کی اونچائی ٤اِنچ اور اس کے درمیان ایک انچ سے زیادہ چوڑائی کا فاصلہ نہ ہو اور ٥٠پاونڈ وزن کے دباو کو برداشت کرسکیں -

جب فرش پر4 انچ سے زیادہ اونچای والی اشیا کو محفوظ کرنا ہو تو پیر کے ینچے والے تختوں کے اوپر گارڈریل کے درمیانی حصے تک حفاظتی جال لگنا ضروری ہے-

اونچائی پر کام کرنے کے عمومی تقاضے:

مزدور ذاتی حفاظتی آلہ (PPE) پہننے ہوئے ہوں

آہنی مچان کا استعمال ہو -

مچان معیار کے مطابق ہو اور رسائی سیڑھی میسر کی جائے -

مضبوط حفاظتی ریل ، مچان اور خیموں کے ذریعے گرنے سے حفاظت کے لیے کام کے مقام پر انتظام ہو -

اوپر سے کوئی چیز نیچے نہ پھینکی جائے اس پر خاص توجہ دیں-

کام کے دوران گرنے والی اشیا ء کو کام ہونے کے بعد مچان پر باقی نہ رکھا جائے -

چھت کے کھلے ہوئے حصّوں کو بند کر دیا جائے تا کہ گرنے سے حفاظت ہوسکے -

تربیت:

جائے مقام پر کام کر رہے مزدوروں کو کام کے دوران مناسب اور بر موقع تربیت دی جانی چاہیے -

ویلڈنگ اور کاٹنے کے دوران حفاظتی ضروریات

عام ضرو رتیں:

اگر کسی وجہ سے ویلڈنگ کے ٹکڑے کو کام کے مقام سے باہر نہیں لایا جاسکتا ہو تو اس صورت میں ویلڈنگ کی جگہ سے تمام آتش گیر مادّوں کو ۱۱میٹر یا (۳۵فٹ) کی دوری پر رکھا جائے -

اگر کسی وجہ سے ویلڈنگ کا کام باہر نہیں ہوسکتا اور آتش گیر مادّوں کو بھی نہیں ہٹا یا جاسکتا ایسی صورت میں حرارت اور چنگاریوں کو روکنے والے کور (مثلاً آگ سے بچائو کے کمبل) کا استعمال کیا جائے -

اور آتش گیر مادّوں کو غیر آتش گیر چیزوں سے ڈھانک دیا جائے اور آس پاس پانی پھیلا دیا جائے تا کہ چنگاری بجھ جائے -

ویلڈنگ کے احاطہ سے قریب آگ مزاحمتی آلات جیسے آگ بجھانے کے کمبل اور لحاف وغیرہ رکھا جائے ایک آگ کی نگرانی کرنے والے شخص کا تقرر کیا جائے جو ویلڈنگ کی چنگاریوں کو ۳۵ فٹ (۱۱m) قطر کے فاصلے میں بجھانے کا کام کرے -

وہ آدھے گھنٹے تک ویلڈنگ کے مقام کو چھوڑ کر نہ جائے ویلڈنگ کا کام مکمل ہونے کے بعد بھی مزید اس بات کو یقینی بنائے کہ قرب و جوار کا تمام علاقہ چنگاریوں سے محفوظ رہے -

مناسب آلات کے استعمال کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جائے کے آس پاس میں کوئی بھی آتش گیر سامان نہیں ہے -

بند کنٹینر میں ویلڈنگ کا کام نہ ہو جب تک کہ ہائیڈرو کاربن کے بخارات کی جانچ نہ کرالی جائے -

الیکٹرک تار دروازے ، کھڑکیو ں وغیرہ سے نہ گزر یں اور تار ایسی جگہ نہ لٹکا یا جائے جہاں الیکٹرک ہیٹر لگے ہوں -

خراب الیکٹرک تار کو نظر انداز نہ کیا جائے - عارضی طور پر اسے الیکٹرک تار پر چپکنے والی پٹی سے ڈھانک دیا جائے جب تک کہ نیا تار نہ آجائے -

ٹوٹے ہو ے فیوز اور سرکٹ کے آخری جوڑ کا پتہ لگایا جائے -

تمام الیکٹرک یا برقی اشیاء کو ۸فٹ (m۲.۵) کی اونچائی پر نصب کیا جائے تا کہ رسائی مشکل ہوسکے -

تمام ملازمین کو برقی آگ سے نمٹنے خصوصاً پاوڈر CO_2اور ہیلن کے آگ بجھانے والے آلے کے استعمال کی مناسب تربیت دی جائے-

پانی یا پانی سے آگ بجھانے والے آلات کا استعمال برقی آگ کی روک کے لیے ہر گز نہ کیا جائے -

پانی بجلی کا ایک اچھا موصل ہے اگر اسے استعمال کیا جائے تو استعمال کنندہ راست طور پر برقی قوت پا سکتا ہے-

برقی جھٹکا لگنے پر کوئی بھی متاثرہ فرد کو نہ چھوئے بلکہ حسب ذیل اقدامات کرے :

برقی رو کو منقطع کرے-

متاثر کو لکڑی یا غیر موصل حرارت شئے کا استعمال کرکے ہٹایا جائے -

پھر بنیادی طبّی سہولت کے طور پر کسی ماہر کے ذریعے منہ سے سانس (CPR) پہنچائی جائے -

ڈاکٹر کو بلایا جائے یا متاثر کو دواخانہ لے جایا جائے -

برقی بیٹری کو چارج کرتے وقت ننگے ہاتھ سے ساتھ کو نہ چھوا جائے - (اپرون ، دستانوں کا) استعمال ہو-

اگر بیٹری کا تیزاب کسی جسم پر گر جائے تو پانی کا چھڑکاو کیا جائے -

غلط طور پر لگے ہوئے تار سے آگ لگ سکتی ہے -

ہوا داری اور صحت کی حفاظت:

ویلڈنگ کے مقام پر ہواداری کا نظام فطری ہو یا پھر عارضی طور پر بنایا جائے - فطری ہوا داری کافی ہوسکتی ہے اگر ویلڈنگ کے آس پاس ۱۰۰۰مربع فٹ کی جگہ ہو اور وہ ۱٦فٹ اونچائی پر ہو -

فطری نظام نہ ہونے کی صورت میں میکانکی ہواداری قائم کی جائے - مناسب اخراج کرنے والے آلات کا استعمال جیسے HEPAفلٹر وغیرہ جو ایک گھنٹہ میں بیس گنا ہوا باہر پھینک سکیں -



Select clothing to provide maximum protection from sparks and hot metals

گرم کاموں کا اجازت نامہ:

گرم کام جیسے ویلڈنگ کرنے کے لیے تمام حالات مناسب اوربہتر پاے جایں تو ہی اجازت نامہ جاری کیا جائے گا۔



گیس ویلڈنگ :

ٹارچ کے ذریعے آکسیجن اور ایسی ٹیلن (Acetylene) گیس کے استعمال سے دھاتوں کو جوڑا جاتا ہے۔ ویلڈنگ کے کام کے دوران ہر گیس (آکسیجن اور ایسی ٹیلن) کو ایک سلنڈر میں بہت زیادہ دباؤ میں رکھا جاتا ہے جو ریگولیٹر کے ذریعے خارج ہوتی ہے۔ یہ گیس نلکیوں سے ٹارچ منتقل کی جاتی ہیں۔

آکسیجن کی نلکی ہری اور ایسی ٹیلن کی نلکی لال ہوتی ہے۔

Acelyleneکو چلانے کے لیے اس کا دباو lbفی مربع انچ ہو۔

اس سے زیادہ پر دھماکہ ہوسکتا ہے ۔ اسی وجہ سے Acetylene گیس کو مائع حالت ایک مخصوص ٹنکی میں رکھا جاتا ہے جس میں Acetyleneکےکیلشیم سلیکیٹ اور Acetylene کا مرکب مو جودہوتا ہے جس میں ۰۰ گنا زیادہ قوت کے ساتھ۶۷۰فارن ہایٹ پر Acetylene کوجذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے ۔



آکسیجن کی ٹنکی Acetylene کی ٹنکی سے
۲۰' فٹ کی دوری پر رکھی جائے یا پانچ فٹ اونچی آگ
روکنے والے شئے کی آڑ پیدا کی جاے اس طرح آدھے
گھنٹے کی فایر ریٹنگ حاصل ہوتی ہے۔

آرک ویلڈنگ:

اس کا استعمال دھاتوں کو پگھلانے اور اس سے
نئی شکل تیار کرنے میں ہوتاہے -
ویلڈنگ مشین کو زمین کی مناسب سطح پر
رکھا جائے پھر اسے ویلڈنگ کی ٹیبل سے جوڑا جائے -



مناسب ذاتی حفاظتی الہ (PPE) کا استعمال کیا
جائے جیسے ویلڈنگ کی عینک اور ویلڈنگ کی شیلڈ۔
ویلڈنگ مشین کی تنصیب میں درج ذیل باتوں کا
خیال رکھا جائے -
ویلڈنگ مشینی ڈھانچہ کا زمین سے ربط رکھا
جائے -
مشین چلانے والے کے قریب ہی بجلی کا بٹن
ہوتا کہ ضرورت پڑنے پر بجلی کو فوری منقطع کیا
جاسکے -

فیوز اور سرکٹ کو جوڑنے کا مناسب انتظام -



The power disconnect switch should be located close to the operator

کھدائی اور تحفظ:

مقصد:

اس کا اہم مقصد آدمی کو خطرناک حالات سے محفوظ رکھنا ہے - کھدائی کے دوران پھسل کر گرجانا بہت عام بات ہے-

عمومی ضروریات :

درج ذیل چیزوں کا خیال رکھا جائے -

کھدائی کے مقام پر آمد و رفت کی صورتحال

کھدائی کے قریب تعمیرات اور دوسری تنصیبات

مٹی کی قسمیں

کھدائی سے قریب زیر زمین پانی کی سطح -

کھدائی کے مقام پر اوپر اور نیچے خدمات-

موسمی حالات

کھدائی کام سے قبل درج امور کو مد نظر رکھا جائے -

برقی جوڑ ، پائپ ، ٹیلی فون کے تار ، گندے پانی کے پائپ وغیرہ سے متعلق درج معلومات اصل نقشہ سے حاصل کرلیں -

کھدائی کے قریب کھدائی مناسب انداز میں جاری ہے یا نہیں جانچنے کے لیے مناسب آدمی کا تقرر کیا جائے -

کھدائی کے مقام پر دفاعی تار لگائے جائیں تا کہ گھس پیٹ نہ ہو اور ساتھ ہی رات کے اندھیرے میں نظر آنے والے چمکدار پٹییاں لگائی جائیں -

مٹی کی کھدائی کر رہے مزدور کو حادثہ سے بچنے کے لیے مناسب فاصلہ ہونا چاہیے-

اگر کھدائی کی گہرائی ۱۲۵ mسم (٤فٹ) ہو تو درج ذیل ہدایات پر عمل کیا جائے -

مزدور کے ذریعے سرنگ کی کھدائی کا فاصلہ ۲۵، فٹ (۷.٦) سے زیادہ نہ ہو -

کھدائی کی مٹی کو کم از کم ٦۰ سینٹی میٹر دوری کے فاصلہ پر ڈالنا چاہیے تا کہ ڈھینےسے محفوظ رہ سکے اور اسی وجہ سے مٹی کی اونچائی ۹۰ سینٹی میٹر سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے-

کھدای کرنےسے قبل زہریلی اور آتش گیر گیسوں کی روزآنہ کی بنیادپر جانچ کرتے رہنا چاہیے۔



مٹی کی اقسام:

پتھر یلی مٹی

ٹھوس مٹی جس کی آخر کھدائی تک سختی باقی رہے جیسے گرینائٹ پتھر -

مٹی کی قسم (الف)

وہ مٹی جو ٥.١ٹن فی ٢فٹ کے دبائو پر ٹوٹ جائے جیسے نرم مٹی۔

مٹی کی قسم (ب)

وہ مٹی جو ٥.٠فی ٢فٹ کے دبائو پر ٹوٹ جائے - جیسے کاٹن مٹی۔

…ٹی کی قسم (ج)

…ٹی جو ٥.١ٹن فی ٢فٹ کے دبائو سے کم پر ٹوٹ …ئے - ریتلی مٹی -



Vertical Aluminum Hydraulic Shoring (Spot Bracing)



Vertical Aluminum Hydraulic … (With Plywood)



Vertical Aluminum Hydraulic Shoring (Stacked)



Aluminum Hydraulic Shoring … (Typical)

…ٹی سے رکنے کی تدابیر :

- کھدائی کے بازووں میں ڈھلان رکھی جائے -
- کھدائی کو ٹیک لگایا جائے -
- کھدائی اور کام کے درمیان میں پترا لگایا جائے
- کھدائی کام کے پاس چھوٹے شگاف کے ذریعے …ستہ بنایا جائے تا کہ بارش کا پانی جاسکے -
- کھدائی سے دور چھوٹے چھوٹے ڈھیر لگائے …ئیں -
- گڑھوں کے اطراف رات کے وقت میں آڑ یا …ظت والا گھیراو کیا جائے -

انہدامی خطرات سے تحفظ:

مسمار یا انہدام کی کاروائی اوپر سے نیچے کی جانب ہواس کے برعکس احتیاط کیا جائے کہ ایسی دیوار جو سہارے کے طور پر ہے اسے مسمار نہ کیا جائے ۔

ملبہ اور پانی کو اوپر سے نہ پھینکا جائے اور خاص سمت میں پھینکاو کرنے والی مشین کا استعمال کیا جائے ۔

کھینچے ہوے تمام مچان اورراستےضرور اتنے تو وسیع ہونے ہی چاہیے کہ اس میں سے مزدور محفوظ طور پر گذر سکیں اور۸ میٹرسے زاید اونچای کی صورت میں مناسب ریل اورحفاظتی پٹیاں فراہم کرتے ہوے انہیں بچایا جاسکے۔

حفاظتی جال نصب کیے جائیں تا کہ لوگوں کو اوپر سے گرنے والی اشیاء سے محفوظ کیا جاسکے ۔

مناسب ذاتی حفاظتی آلات (PPE) مزدوروں کو فراہم کیا جائے تا کہ اونچائی سے گرنے والی اشیاء سے محفوظ رہیں ۔

جس عمارت کو مسمار کیاجانا ہواس میں برقی اور آبی فراہمی کو منقطع کردیا جاے۔

گرنے والے ملبہ کو مسلسل صاف کرتے رہیں۔

مسمار ہونے والے علاقے میں داخلہ ممنوع قرار دیا جائے یا داخل پاس جاری کیے جائیں ۔



مسمار ہونے والی تعمیرات کے اطراف مدافعتی گھیراو کیا جائے۔

ایک طبّی ماہر ہمیشہ جائے مقام پر تعین رہے -

دستی اوزار کے خطرے:

حفاظت کا انحصار درج ذیل باتوں پر ہے :

اوزار کے محفوظ استعمال کے لیے ضروری ہے کہ وہ معمولاً ہی نہیں بلکہ ہمیشہ تیار ہوں -

کام کے معیاری ہدایات سے مطابقت رکھنے والے اوزار کا استعمال -

صحیح طریقہ کار پر عمل آوری کے لیے مزدوروں کی صحیح تربیت -

صحیح PPEکو پہننا۔

گیر اور آلات کو اس وقت تک تبدیل نہ کیا جائے جب تک مشین یا آلہ مکمل طور پر ساکن نہ ہوجائے -

مشینوں کی کارکردگی کو صحیح سلامت جاری رکھنے کے لیے مزدوروں سے رابطہ ہو۔

پیشہ ورانہ حفاظت کے ضابطے :

کام سے پہلے :

بالکل چست کپڑے پہنیں جن کے کنارے ڈھیلے نہ ہوں - جیسے آستین یا گلوبندکھلے چھوڑنا وغیرہ -

مناسب PPEپہنا جائے (جیسے دستانے ، عینک وغیرہ)۔

مشین یا آلہ محفوظ کارکردگی کی حالت میں ہے یا نہیں اس کی جانچ کیجئے۔

وافر مقدار میں روشنی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور خاص طور پرکسی شئے پر ڈالی جانے والی روشنی -

مختلف آلات کو مشین گھمانے والے آلہ سے دور رکھا جائے -

مشین کو آہستگی کے ساتھ چلایں اورلوڈنگ سے پہلے جانچ کرلیں۔

تیل۔ درجہ حرارت اور برقی رو کے لیے مشین کے اشاروں پر نظر ریکھئے۔

دوران کارکردگی :

دباو - درجہ حرارت - تیل اور بجلی ٹھیک اور حد کے اندر ہےیا نہیں اسے دیکھ لیں۔

مشین کے ملحقات کو گڑھے میں محفوظ مقام پر لگایا جائے -

کسی مشین کے برسر عمل پرزے کو کسی دوسری مشین یا شئے سے روکنے کی کوشش نہ کریں -

مشین کو سپروائزر کے بغیر نہ رکھا جائے یا پھر مشین پر مکمل توجہ دی جائے -

اگر کوئی غیر ضروری آواز مشین میں آنے لگے تو فوراً اسے روک دیا جائے اور راست سپروائزر کو بتایا جائے ۔

کسی بھی صورت میں حفاظتی آلات یا کوی بھی کنٹرول کو نکالنے کی کوشش نہ کریں۔

کام کے اختتام پر :

مشین کا بجلی سے تعلق منقطع کردیں اورمشین مکمل طور پر رک جانے تک وہاں سے نہ ہٹیں ۔

اشیاء اور ان کے ملحقات کونکال دیں اور علیحدہ طئے شدہ ذخیرہ میں رکھا جائے جہاں تک عام رسای نہ ہو سکے۔

مشین کے آس پاس صفائی کی جائے اور پیداوار کے بعد بچی ہوئی چیزیں صاف کی جائیں ۔

اگر دو سری باری شروع ہونے والی ہو تو مشین کے خرابی سے متعلق انتباہی نوٹ چسپاں کریں ۔

کیمیای ذخیرہ اندازی اور اسکے استعمال کے دوران تحفظ:

ذخیرہ گاہ کی حالت :

ذخیرہ گاہ موجود ذخیرہ کے لیے مناسب ہو۔

ہواداری کا بہتر انتظام ہو۔

ذخیر گاہ میں آگ سے مقابلہ کرنے والے آلات رکھے ہوں جیسے آگ کاالارم ، چھڑکاو اشیاء وغیرہ ۔

آب رسانی کا بہتر نظم ہو ۔

کیمیائی مادّوں کو متعامل اشیاءسے دور رکھا جائے ۔

خطرناک کیمیائی اشیاء کو بھیڑ بھاڑ سے علیحدہ محفوظ رکھا جائے ۔

کیمیائی کنٹینر مکمل طور پر صاف ہوں اور خالی کنٹینروں کو فوراًتلف کردیا جائے ۔

کیمیائی اشیاء کا محفوظ استعمال

اشیاء کی حفاظت سے متعلق معلومات (M.S.D.S) مکمل طور پر پڑھ لی جائیں ۔

مناسب PPEپہنا جائے ۔

تمام تھیلیوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے کہ کچھ بھی ٹوٹ پھوٹ نہو۔

بڑے اور چھوٹے تھیلیوں کو مناسب طریقہ سے استعمال کیا جائے تا کہ ٹکڑے ہونے اور آلودہ ہونے سے محفوظ رکھیں ۔

اشیاء کے نقل و حمل سے وابستہ مزدوردرج ذیل سے واقف ہوں ۔

M.S.D.S

کیمیائی نقصانات اور حفاظتی تدابیر ۔

بنیادی طبّی سہولت کے استعمالات ۔

کیمیائی اشیاء پر قابو:

ذیلی اسٹیشنوں کے ذریعہ:

زیادہ خطرناک اشیاء کو کم خطرناک اشیا سے بدل دیں جیسے نامیاتی کے مقابلے میں غیر نامیاتی دمک کا استعمال، انسانی طریقہ سے ملاوٹ کی بجائے خود کار ملاوٹ کا عمل وغیرہ ۔

علیحدگی کے ذریعہ :

اس کے لیے دو طریقہ ہیں یا تو نقصانده اشیاء کو الگ کر دیا جائے جیسے بیٹریوں کو علاحدہ کرے میں چار ج کریں یا پھر بیمار اور کمزور لوگوں کو علاحدہ کمروں میں بھیج دیں تاکہ بیماریونکوپھیلنے سے روکا جاسکے۔

گیلا کرنے کا طریقہ :

جیسے گندی سڑکوں پر پانی کا چھڑکائو جس سے دھول سے بچا جاسکتا ہے ۔

ہوا داری کا طریقہ:

آلودہ ہوا کو باہر کھینچ کر تازہ ہوا کو داخل کرنا ۔ یہ آلودہ ہوا سے بچنے کا بہتر طریقہ ہے ۔

ذاتی حفاظتی آلات کے ذریعہ (PPE):

اگر پہلے سے احتیاطی تدابیر نہ کی گئی ہوں تو PPEکا استعمال حادثات سے بچنے کا آخری طریقہ ہے ۔

ہاتھ کے دستانے ہاتھوں کو زخم سے بچاتے ہیں۔

ان کا استعمال جسم کو زہریلی گیسوں اور باریک اڑنے والی اشیاء سے بچانے کے لیے بھی ہوتاہے

- PPEکا استعما ل ناگہانی صورتوں میں بھی کیا جاتا ہے۔ جیسے آگ لگنے یا گیس کی آلودگی وغیرہ ۔

کام کے مقام پر پیشہ وارانہ حفاظت :

کام کے جگہہ پر آلودگی کے درج ذیل ذرائع ہیں ۔

گندی جگہوں پر کھانا کھانا اور گندے ہاتھوں سے کھانا۔

گندے حمام اور W.Csکی غلاظت ۔

پانی کے ذرائع میں غلاظت۔ جیسے ذخیرہ اندوز ٹینک اور پائپ ۔

حفاظت کے طریقے :

جائے مقام پر طبّی مددگار اور بنیادی طبّی سہولت و آلات کی کی موجودگی بشمول فرسٹ ایڈ آلات

مزدوروں کے درمیان طبّی بیداری اس لیے ضروری ہے کہ حادثات کی صورت میں فرد کو فوری کلینک منتقل کیا جاسکے۔

مزدوروں کے لیے صاف اور سایہ دار کیفٹر یا مہیا کرانا ۔

مزدوروں کے لیےحمام و طہارت خانہ ہمیشہ پاک و صاف ہوں

پینے کے لیےصاف اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی۔

جراثیم کش دواوں کے چھڑکاو اور اچھی صحت کی نگہداشت کے لیےمیونسپلٹی اور شعبہ صحت کے ساتھ بہتر تال میل رکھنا۔

فطری انسانی نقصانات کے مقابل حفاظت :

حسب ذیل صورتوں میں مزدور خود خطرہ کا سبب ہوسکتا ہے ۔

عمر
بے توجہی اور لاپرواہی کرنا
ذاتی صحت
انخلاء کرنا
احساسات کی ناکامی
تربیت و تجربہ ۔

عمر

پرخطرکاموں کو بالغ نوجوانوں سے کرایا جائے یعنی نہ بچّوں سےنہ بوڑھوں سے ۔

لاپرواہی

لاپرواہی جان لیوا حادثات کا سبب ہوتی ہے ۔ کام پر توجہ دینا ہی سب سے اہم بات ہے ۔

صحت کی حالت

جان ہے تو جہان ہے کہ مصداق پیداوار میں صحت کی غیر معمولی اہمیت ہے ۔ اس کے بغیر پیداوار کا کوئی مطلب نہیں ۔

تھکاوٹ

کام کی شروعات سے پہلے مناسب آرام ہونا چاہیے۔

حواس خمسہ کی ناکامی

خطرات کو سمجھنے کے لیے سونگھنے ، چھونے، سننے ، ذائقہ اور دیکھنے کی قوت کو بہتر ہونا چاہیے ۔

تربیت و تجربہ :

تربیت کسی بھی کام میں مہارت کی اصل بنیاد ہے ۔ اور اس سے تجربات میں اضافہ ہوتاہے ۔ یہ انتظامی

صلاحیت کا ہتھیار ہے جو عملہ کی ترقی اور کامیابی کا ضامن ہے ۔

کرین کے استعمال میں حفاظتی تدابیر :

۱۔ ہراٹھانے والا آلہ مناسب ا محفوظ وزن کوہی اٹھاے ۔

۲۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کرین کے ہک میں اسٹیل کاتار صحیح طور پر نصب رہےاور تار کا مادہ معیاری ہو ،اسی بات کا اطلاق دھاگے کی رسیوں پربھی ہوگا ۔

۳۔ تار اور سلنگ کی وقفہ وقفہ سےجانچ کو یقینی بنایا جائے ۔

٤۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ ہک کا تا لہ کام کر رہا ہے ۔

٥۔ کرین کے آس پاس بہتر روشنی کا انتظام ہو ۔

٦۔ معمول کی درستی مناسب ڈھنگ سے ہوتی رہے اور اس کاریکارڈ رکھا جائے ۔

۷۔ کرین کے ڈرائیور کی ذمّہ داری ہے کہ وہ روزانہ کرین کی حرکیاتی (اوپر نیچے اور چکری) اور بریکوں کی جانچ کرے ۔

۸۔لا سلکی یا وائر لیس بات چیت کی سہولت کا نظم ہوتا کہ خاص طور پر ڈرائیور کو دکھائی نہ دینے کی صورت میں بھی بات کی جاسکے ۔

۹۔ زیادہ وزنی اشیاء کے نیچے نہ ٹھہرنے کے لیے مزدوروں کو ہدایت دی جائے ۔

۱۰۔ شہتری قدموں والے کرین کے استعمال کی صورت میں زمین سخت اور مسطح ہونی چاہئے۔

.۱۱ حفاظتی تدابیر سے متعلق بیداری و تربیت ان تمام مزدوروں کو کی جائے جو کرین (میناری کرین یا زمینی کرین) کے آس پاس رہتے ہیں ۔

۱۲۔ وزنی سامان کے نقل و حمل کے لیے تربیت یافتہ مزدور مہیا کیا جائیں۔

۱۳۔ ہر کرین پر زیادہ وزن کی گھنٹی لگائی جائے ۔

۱٤۔ محفوظ کارکردگی کی سند حکومت کے منظور شدہ ادارہ سے حاصل کی جائے ۔

۱۵۔ ٹاور کرین زمین کی سطح پررکھا ہو۔

۱٦۔ وزنی اشیاء کے ساتھ سوار ہونا یا چڑھنا سخت منع ہے ۔

١٧۔ اس بات کو یقینی بنایا جاے کہ کرین کے ڈرائیور ماہر اور تصدیق شدہ ہوں

آلات اور سواریوں کو حفاظت سے چلانے کی تدابیر:

ڈرائیونگ سے پہلے

- اس بات کو یقینی بنایں کہ سواری یا آلات کے نیچے کوئی آدمی یا رکاوٹ نہ ہو
- تیل کی جانچ کیجیے۔
- شفافیت کے لیے گلاس کی جانچ کیجیے۔
- ڈرائیور کی نشست ٹھیک کیجیے۔
- ڈرائیور کا حفاظتی کمر بند لگائیے۔
- گئیر کو نیوٹرل حالت میں رکھیے ۔

دکھائی دینے والے کنٹرولوں کی جانچ:

- بریک کی جانچ کیجیے۔
- قمقموں اور انتباہی گھنٹیوں کی جانچ کیجیے۔
- ٹرافک سگنلوں سے واقفیت حاصل کیجیے۔

کارکردگی کے دوران :

- انجن کے غیر ضروری آواز کو پہچانیے ۔
- ڈرائیور کے علاوہ کسی اور کاسوار ہونامنع ہے ۔
- نقصاندہ بجلی کے تار اور گڑھوں پر دھیان دیجئیے۔
- بارش کے موسم میں پھسلنے کے امکانات کو روکیے۔
- خراب سڑک پر دھیمی رفتار سے چلئے۔
- شاخدار حصّہ کو چلتے وقت نیچے رکھئے۔
- راستہ پار کرتے وقت رفتار دھیمی رکھئے اور انجن بند نہ ہونے دیجئے۔
- F.L.T کے بیرونی حصّہ پر سوار ہونا سخت منع ہے ۔

کام کے اختتام پر :

- بجلی کی رسائی کو منقطع کیجئے-
- ہینڈ بریک کو مقفل کیجیے-
- شاخدار حصّہ کو زمینی سطح کے جانب رکھئے-
- بدلی کے وقت ایندھن بھرئیے-
- سواری کو اسٹاپ پر ہی پارکیجیے-
- سواری کے ایگنیشن کو بند کردیجیے

درستی کے وقت :

- جب سواری مکمل طور پر ساکن حالت میں ہو تبھی درستی کا کام شروع کیا جائے -
- درستی کرتے وقت سگریٹ نوشی نہ کریں -
- جب انجن گرم ہو تو ریڈیٹر کیپ کو شروع نہ کریں -

شاخدار لفٹ کی گاڑیو ں سے حفاظت کی ہدایات

- F.L.Tکو صرف منظور شدہ اور اجازت یافتہ ڈرائیور ہی چلائیں -
- ایف ایل ٹی کوچلانے سے پہلےدرج ذیل چیزوں کی جانچ کرلیں
- اس بات کو یقینی بنائیےکہ ایندھن کی ٹنکی بھری ہوئی ہو اور اس میں کوئی شگاف نہیں ہو -

درج ذیل آلات کی جانچ کریں اور کمی کو پورا کریں :

- ٹھنڈا پانی-
- انجن کو چکنا بنانے والا تیل -
- انجن کے بٹن اور گیر -
- ہاتھ اور پیر کے بریک -

- شاخدار فورک کی اوپر نیچے حرکت ۔
- ریر آئینے ۔
- روشنی ۔
- سواری سے متصل آگ بجھانے کا آلہ ۔
- حفاظتی کمر بند ۔
- ہائیڈرولک تیل کا رساو (اگر کچھ ہو)
- سواری کی بیٹری ۔
- برقی تاروں کی آواز ۔
- شاخدار اشیاء کا سیڑھی کے طور پر استعمال منع ہے ۔

- اگر F.L.Tمیں کوئی خرابی ہو تو اسے روک دیا جائے اور درستی کے لیے رپورٹ کریں ۔ اس کو جاری نہ رکھیں ۔
- سواری کو روکنے کے لیے انجن کو یوں ہی نہ چھوڑ دیں فورک گراونڈ پر اور اس سے متصل ہو، جگہ چھوڑنے سے پہلے ہاتھ کے بریک کو لگائیے انجن چالو کرنے کی چابی نکالئے۔
- کام شروع کرنے سے پہلے ذاتی حفاظتی آلہ جیسے ہیلمٹ اور حفاظتی جوتا پہن لیں۔
- گھنٹی اور بزر کا استعمال سڑک کے چوراہے اور پرہجوم کناروں پر ہی کیا جائے ۔
- اگر فورک پر اونچے وزن یا شئے کی وجہ سے دکھائی نہ دے تو FLT کو پیچھے کی جانب دھیرے سے موڑئیے۔

- ٹرافک کے حدود کو پار نہ کریں اور F.L.Tکو آگ کے ذخائر یا داخلی دروازے یا نا گہانی کے راستے کے پاس نہ روکا جائے ۔

- F.L.T کی نام کی پلیٹ پر بتائی گئی اجازت سے زیادہ وزن نہ اٹھائیں ۔

- اٹھائے جانے والے وزن کےمرکزکشش ثقل پر توجہ دی جائے تاکہ یکطرفہ جھکاو کو روکا جاسکے۔



- فورک اور زمینی سطح کے درمیان کا فاصلہ ۸انچ سے زیادہ اور ٤اِنچ سے کم نہ ہو ۔

- کام کی تکمیل پر فورک کو اپنی اصل حیثیت پر واپس لایا جائے اور اس کی کنجی سپروائزر کو دی جائے ۔

- F.L.Tبیٹری کو ہوادار علاقے میں چارج کرائیں ۔

- F.L.Tچلاتے وقت ڈرائیور اپنے جسم کے حصّہ کو کیبنٹ سے باہر نہ نکالے۔

- تنگ جگہوں میں حفاظت سے کام کریں ۔

- تنگ جگہیں سہولتوں کے حصول میں بڑے خطرے پیدا کرسکتی ہیں اگر وہاں مناسب حفاظتی اقدامات نہ کیے جائیں ۔

خطرات

- کام کی مشکلات ۔
- میکانکی اور الیکٹریکل نقصانات ۔
- طبعی نقصان ۔

کام کی مشکلات

- آکسیجن کی کمی یا زیادتی ۔
- آگ کی یا آتش گیری مشکلات ۔
- زہریلی گیسیں۔

آتش گیری مشکلات

اس میں پیٹرولیم ، آتش گیر گیسیں شامل ہیں جو بند جگہونہ پر ہوتی ہیں وہ یہ ہیں ۔ میتھین ، ہائیڈروجن ، کاربند ہائیڈ اور کاربن مونو آکسائیڈ ۔

L.E.Lاقل ترین موجی سطح جس میں آتش گیری ہوا کے ساتھ تعامل کے نتیجے میں ہوتی ہے اور اقل ترین موجی سطح میں اس کا الٹ ہوتا ہے وغیرہ ۔

LEL کے لیےتیار کردہUSHAکے دس فیصد کے ریکارڈ کے مطابق۔ زہریلی گیسیں جو بند جگہوں پر پائی جاتی ہیں۔ وہ یہ ہیں : ہائیڈروجن کاربائیڈ، کاربن مونوآکسائیڈ وغیرہ۔

ہائیڈروجن کاربائیڈ کی موجی سطح ۱۰ PPM ہے۔

کاربن مونو آکسائیڈ کی موجی سطح ۳۰ PPM ہے ۔

میکانیکی اور برقی خطرات:

مشترکہ جگہوں میں میکانیکی آلات کی غیر متوقع حرکات کے نتیجے میں حادثے جنم لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر مکسچرس، ہیٹرس ، مال سے لدی گاڑیاں بند جگہ میں برقی بار کو خارج کرتی ہیں۔

قدرتی خطرات:

موسمی درجہ حرارت میں تغیر (سرد، گرم)

جلنے والے کیمیائی مادوں کی موجودگی

زہریلے کیڑوں اور رینگنے والے جانداروں کی موجودگی

اونچی آواز جو ۹۰ db سے زیادہ ہو

گرنے , پھسلنے اور ٹرپ ہونے کے خطرات:

ناکافی روشنی

ناقص اوزار کا استعمال

بند جگہوں تک محدود رسائی

تنگ جگہ اور تحفظ:

- کم سے کم ضرورت ہو

- بند جگہوں کے نام اور مقام
- داخلے کا مقصد
- تاریخ اور کام کے اجازت نامہ کی مدت
- ان افراد کے نام جن کو بند جگہوں پر جانا ضروری ہو۔
- ان افراد کے نام جو ہماری مدد کے لیے کام کے مقام پر موجود ہوتے ہیں۔
- سوپروائیزر س کے نام
- اہم خطرات اور حادثات کی فہرست
- ان خطرات پر قابو پانے یا انہیں دور کرنے کے راستے
داخلے کی شرائط
- آکسیجن ' آگ پیدا کرنے والی اشیا' زہریلی اشیا وغیرہ
- بند جگہوں والے مقام پر داخلے سے پہلے اور کام کے دوران زہریلی گیسوں کی پیمائش کے نتائج

بازیابی (حل) کے موجود راستے:

- بند جگہوں کے مقامات پر موجود افراد سے ترسیلی رابطے کی راہیں۔
- ذاتی تحفظ کے آلات اور کپڑے
- کچھ اور خصوصی ضروریات

بند جگہوں کی جانچ:

- سب سے اہم بات یہ ہے کہ درج ذیل کی مسلسل پیمایش کی جاتی رہے۔
- آکسیجن کی مقدار کی جانچ جو ہر گز ۱۹.۵ فیصدسے کم اور ۲۳.۵ فی صدسے زیادہ نہ ہو۔
- آتش گیر مادوں سے بنے مرکبات ۱۰ فی صدسے کم نہ ہوں۔
- زہریلی گیسیں ان کی اجازت یافتہ حدوں سے زیادہ نہ ہوں

بند جگہوں میں ہواکی سہولت:

باہر نکالنے والے افراد میکانیکی طور پر ہوا کا راستہ تیار کریں جس کی وجہ سے اندر بھری ہوئی گیس کی قوت باہر آجائے گی۔

بند جگہوں میں داخل ہونے والے افراد کی ذمہ داریاں:

داخلے سے پہلے اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آکسیجن کے عناصر ۱۹.۵ فی صدسے کم نہ ہوں۔

- آتش گیر گیس ۱۰ فی صدسے زیادہ نہ ہوں۔
- زہریلے مادے اجازت یافتہ حد سے کم ہوں۔
- اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تمام والوز اور برقی تار مناسب اور محفوظ طور پر بند کیے گئے ہوں۔
- ضروری PPE فراہم کیا جائے۔
- بند جگہوں سے باہر موجود افراد کے ساتھ رابطہ کے لیے مناسب اور قابل بھروسہ ترسیلی ذرائع اختیار کئے جائیں۔

- ناگہانی حالات میں فوراً بند جگہوں کو خالی کردیا جائے۔

بند جگہوں سے باہر منتظرنگرانی کرنے والے افراد کی ذمہ داریاں

- انہیں بند جگہوں کی نگرانی کے علاوہ کوئی اور کام نہ سونپا جائے۔
- وہ سانس لینے اور آگ سے مقابلے کے لیے استعمال ہونے والے آلات کے استعمال سے اچھی طرح واقف ہوں
- اشاروں کے لیے بازیابی کی رسیوں کو اچھی طرح پہچانتے ہوں جو بند جگہوں میں موجود افراد کے ساتھ جڑی ہوتی ہیں۔
- بند والووں اور سوئچوں کی نہایت ذمہ داری کے ساتھ نگرانی کریں
- اڈجسٹمنٹ کی جگہ کو کسی بھی رکاوٹ سے پاک رکھیں
- ناگہانی صورتحال میں اندر موجود مزدوروں کو فوراً جگہ خالی کرنے کہیں
- ہنگامی یاایمرجنسی ٹیم (سیول ڈیفنس) کو فوراً بلاتے ہوئے لوگوں کو بند جگہوں سے باہر نکالیں۔

- بند جگہوں میں حفاظتی ڈیجٹل کیمرے لگائیں۔

آگ سے تحفظ (FPP) :

تمام مزدور آگ کے خطرات اور آگ کے خطرات سے مقابلے سے واقف ہوں۔اس میں درج ذیل شامل ہیں :

آگ کے اعلانات کی ہدایات ، ہنگامی اخراج کے اصول۔ آگ سے مقابلے کے لیے اولین طبی امدادقبل اس کے کہ تربیت یافتہ اور پیشہ ورانہ طور پر آگ سے مقابلے کرنے والے لوگ آجائیں۔

کام کے مقام پرمعمول کی جانچ:

تحفظ فراہم کرنے والی ٹیم کے کاموں میں تحفظ کے لیے معمول کی جانچ سب سے اہم کام ہے۔ اس میں درج ذیل کو ملحوظ رکھا جائے :

آتش گیر مادوں اور فوراًاثر قبول کرنے والے مادوں کو الگ الگ کرکے نیچے رکھنا۔

چنگاری پیدا کرنے والے ذریعوں کو حرارت پیدا کرنیو الے مادوں سے الگ کرنا۔

آگ کا مقابلہ کرنے والے آلات کی مضبوطی کو یقینی بنانا۔

دیکھ بھال کی ہدایات کو یقینی بنائیں

دیکھ بھال:

سگریٹ نوشی منع ہے

سگریٹ نوشی ممنوع کے اشاروں کو موثر طریقے سے نمایاں کیا جائے

کام کی جگہ پر ماچس اور لائٹرس منع ہیں

کھلے ڈبوں میں آتش گیر مادوں کو نہ رکھیں

چھلکی ہوئی چیزوں کو صاف کردیں

کپڑوں یا کاغذات کو اوپر نہ رکھیں یہ آگ لگانے میں مددگار ہوتے ہیں

اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام ماچس اور سگریٹ گل کردیے گئے ہیں

فاضل اشیا کو جلا کر مناسب انداز میں ضائع کردیا جائے

آگ بجھاتے وقت کی جانیوالی احتیاطی تدابیر :

آگ بجھانے کے اجزاء یہ ہیں:

آگ بجھانے کا لباس

جراب

حفاظتی پن

آگ بجھانے کا دستہ

باران پیما/ دباو پیما

(یہ بات ذہن میں رہنا چاہئےکہ تمام آگ بجھانے والے اپنے ساتھ باران پیما رکھتے ہیں سوائے کاربن ڈائی آکسائیڈ آگ بجھانے والوں کے ،جس کی صحت و درستی اس کے وزن سے معلوم کی جاتی ہے۔)

انتباہ :

آگ بجھانے والے آلہ کی درستگی کو یقینی بنایے۔ یہی آپ کی زندگی کامحافظ ہے۔

کاربن ڈائی آکسائیڈ کے معاملہ میں دباو پیما اور وزن کو اچھی طرح دیکھ لیں۔

آگ بجھانے کے آلہ کی درستی اور اس کی از سر نو توثیق کی تاریخ اچھی طر ح دیکھیے۔

آلہ کی از سر نو توثیق کے لئے ہر چھ ماہ کے وقفہ سے دیکھ بھال کرنے والی (Maintenance) کمپنی سے رجوع ہوں ۔

آگ کے آلات کی عددی طور پر شناخت کیجیے اور ریکارڈز کوباربارتازہ کرتے رہیں۔

جو کوئی بھی آگ لگی ہوئی دیکھے لازمی طورپر درج ذیل کام انجام دے :

آگ سے با خبر کرنے والے الارم باکس کے شیشے کو توڑ دے ۔

آگ کو بجھانے والے عملہ کو بلانے کے لیے ایمرجنسی عملہ سے ربط پیدا کرے ۔

دستیاب اور موزوں آگ بجھانے والے آلہ کی مدد سے ذیل میں بتاے گیے طریقے سے آگ پر قابو پائیے۔

آگ بجھانے کے آلہ کا دستہ کو پکڑئیے ۔

حفاظتی پن کو کھینچئے ۔

آگ بجھانے کے آلہ کے منھ کوآگ کے مبدا کی جانب کیجیے

آگ بجھانے کے آلہ کو دائیں اور بائیں جانب لے جائیے۔

خود کو حفاظتی گذرگاہ سےمحفوظ نکل جانے کو یقینی بنائیے ۔

آگ کے شعلوں سے دو یا تین میٹر کی دوری پر کھڑے رہیے

آگ لگنے پر آپ کو کیا کرنا چاہیے :

جب تک آپ کو یہ یقین نہ ہوجائے کہ آگ ہلکی ہے اور بجھانے جانے کے قابل ہے ۔ آپ آگ کو بجھانے کی کوشش نہ کریں ۔

اگر آگ بہت بڑے پیمانے پر لگی ہے تو کمرہ سے باہر آئیے، دروازہ بند کرکے آگ سے چوکنا کرنے والے الارم کو استعمال کیجئے ۔

بہت زیادہ دھواں ہوجانے پر فرش پر لیٹ جانا آکسیجن حاصل کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

دروازے کی چٹختی کو ہاتھ لگا کر دیکھئے کہ گرم ہے یا نہیں ، اگر گرم نہیں ہو تو احتیاط سے دروازہ کھولئیے ۔

اگر دروازہ گرم ہوگیا ہے تو اسے مت کھولئیے ۔

مکمل ہواداری اور دھویں کے اخراج کے لیے پردے ہٹائیے اور کمرہ کو کھول دیجئے ۔

عمارتوں کے ڈیزاین میں درکار حفاظت:

درج ذیل چیزوں پر دھیان دیجئے :

عمارت کی غرض و غایت ۔

عمارت میں استعمال کئے گئے میٹریل کی نوعیت ۔

عمارت میں رہنے والے افراد کی تعداد ۔

عمومی طور پر ان کے رہنے کی جگہ ۔

عمارت میں آگ پھیل جانے کی امکانی جگہ ۔

بلڈنگ میٹریل اور اس کے ڈھانچہ کے لیے سفارشات :

سائٹ پر جاری کام کے لحاظ سے بلڈنگ میٹریل کومناسب و موزوں ہونا چاہئیے، لہذا درج ذیل چیزیں پیش نظر رہنی چاہیے۔

آگ کا مقابلہ کرنے والے دروازے لگا ئیں۔

معمولی دروازوں کی جگہ آگ کا مقابلہ کرنے کے قابل دروازے لگائیں ۔

آگ لگنے کی صورت میں تمام دروازے خود بخود بند ہوجانا چاہئیے۔

کھڑکیوں پر آگ مزاحمتی شیشے لگائیے۔

آگ مزاحمتی پردے لگائیے ۔

آگ مزاحمتی فرش اور چھت استعمال کیجئے ۔

دیواروں ' داخلہ کے دروازے ' سیڑھیوں اور لفٹس پر آگ مزاحمتی خول لگائیں تا کہ آگ کو پھیلنے سے روکا جاسکے ۔

پٹرولیم ٹینکس اور اسٹورز پر مناسب ہواداری کے ساتھ آگ کا مقابلہ کرنے کے قابل خاص میٹریل استعمال کریں ۔

بلڈنگ کی نقشہ سازی میں مناسب اور معیاری تکنیکوں کو استعمال کریں تا کہ آگ دور تک پھیل نہ سکے

آگ سے بچنے کے راستے :

آگ سے بچ نکلنے کے راستوں کے لئے تما م عمارتوں کو درج ذیل ڈیزائین کے مطابق ہونا چاہیے :

دروازے باہر کی جانب سے آسانی سے کھل جانا چاہیے ۔

دروازے کے باہراور سیڑھیوں تک آسانی سے پہنچنے میں مددگار ہوں۔

باہر نکلنے کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں رہنا چاہیے ۔

باہر نکلنے کے دروازوں یا بچ نکلنے کے راستوں پر علامتیں واضح طور پر لگائیں

آگ سے بچ کر باہر نکلنے کےسبھی دروازے کم از کم آدھا گھنٹہ آگ سے مقابلہ کے قابل ہوں اور دھویں سے محفوظ رہ سکیں

محفوظ طور پر آگ سے بچ نکلنے کے لئیے سیڑھیاں قابل لحاظ ہونی چاہیے ۔

روشنی اور بجلی استعمال :

تمام برقی تنصیبات کومعیار کے مطابق ہونا چاہیے ۔

عارضی تنصیبات پر حفاظتی پہلووں کو پیش نظر رکھنا چاہیے ۔

معیاری لوڈ کے لئے سوئچ بورڈ کا معائنہ کرنا چاہئے تا کہ اس کی مطابقت کو جانچا جاسکے

تمام برقی اوزاروں کو شعلہ مزاحمتی ہونا چاہئیے ۔

آگ سے بچ نکلنے کے راستوں پر خصوصاً ہنگامی روشنی کودستیاب رہنا چاہئیے ۔

دستی بیاٹریوں کے ذریعہ بجلی کا انتظام ہو ۔

فوری منقطع سوئچ کا استعمال کریں ۔

اس بات کو یقینی بنائیے کہ معمول کی درستی باقاعدگی سے کی گئی ہو۔

ہر وقت ایمرجنسی علاماتوں کو روشن رکھئیے ۔

مچان بنانا (Scaffolding):

عام (*General*):



Fig. 1.1 Frame Scaffolding

مچان کے خاکے کی تیاری، اس کی تعمیر مسماری اور اس کا معائنہ کسی قابل شخص کو کرنا چاہئیے ۔ مچان کے خاکے کی تیاری اور تعمیر مناسب انداز میں کی جانی چاہیے ۔

a- مچانوں کو ٹیک لگانا اور عارضی جگہ پر تبدیل کرنا منع ہے ۔

b- مچان کو سوائے پہلے سے موجود اشیاء کے ،دیگر اشیا کی ذخیرہ اندوزی کے لیےاستعمال نہیں کرنا چاہیے ۔

c- تمام مچانوں کوممکنہ طورپر اس طرح تیار کرناچاہیے کہ وہ بغیر کسی ٹوٹ پھوٹ کےمناسب انداز میں چار گنا وزن اُٹھانے کے قابل ہوں۔

کسی بھی مچان پر اچانک زاید بوجھ لادا جاسکتا ہے۔



ں اور

Fig. 1.2 Tube and Clamp Scaffold

d .اس

انہیں محفوظ جسامت میں رکھیں۔کسی بھی وجہ سے ٹوٹے ہوے یا کمزور ہوگیے مچانوں کو فوراً درست کرلیں۔



دی پر
ئے یا
عیاری

.e
تعد
انہ
گار

Fig. 1.3 Modular System Scaffold most popular in commercial applications such as access to buildings and industrial applications such as power utility boilers and chemical refineries.

۲۔ سوائے متیعنہ مقامات کے کام کی تمام جگہوں پر سیگریٹ نوشی منع ہے ۔

۳۔ چنگاری اور بھڑک اٹھنے والے مادوں کو علحدہ اور مناسب انداز میں رکھا جائے گا ۔

٤۔ چلتی ہوی گاڑی میں ایندھن یا سامان ڈالنا منع ہے ۔

-5 ضایع کی جانے والی تیل کی یا چکنی اشیاء اور دیگر بے کارسامانوں کو ایک جگہ جمع کرنے کے لیے اجازت یافتہ سیفٹی کین دیے جایں گے۔کام کے مقام پر آتش گیر سیال مادوں کو مناسب سیفٹی کینوں میں رکھنا چاہیے اور ان کینوں کے اوپر ان میں موجود اشیا کا لیبل بھی ہونا چاہیے۔

آگ بجھانے کا عمل

ملازمین کو آگ بجھانے کے طریقوں و آلات کے استعمال اور اس کے نقصان سے واقف کرانے کے لیی حفاظتی شعبہ تعلیمی یابیداری پروگرام کا انعقاد کرے ۔ اور مزید یہ کہ حفاظتی شعبہ اس بات کا بھی نظم کرے کہ ناگہانی صورت میں ہمارا منصوبہ کیا ہوگا اس کے لیے ان آلات کے خاص استعمال کی تربیت جائے مقام کے ملازمین کو دی جائے اور ناگہانی صورت کے منصوبہ پر عمل کا طریقہ کار بھی سکھایا جائے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہر پروجیکٹ منیجر کچھ ملازمین کو ہمیشہ ساتھ رکھے جو نا گہانی صورت میں آگ بجھانے والے آلات کے استعمال کی تربیت حاصل کرچکے ہوں ۔

f. مچان‌سے پھسلنے کی صورتوں کو ختم کیجیے (گریس وغیرہ) اور شعلہ دارا ور بھڑکنے والی اشیا کو فایبر اور سنتھٹک رسیوں سے دور رکھیں۔



Fig. 10.1

g- ساری تختہ بندی ‘‘دو دو کی ہوگی (برائے نام)
h-دو متصل پلیٹ فارمونکے تختوں کے درمیان ایک انچ سے زیادہ کھلے حصے نہ ہوں
i-تختے یا مچان کے حصوں کو ان کے اختتام پر فراہم کیے جانے والے سپورٹ کی بنیاد پر وسعت دی جاسکتی ہے جو کم از کم چھ انچ اور زیادہ سے زیادہ اٹھارہ انچ ہوگی۔



Fig. 10.1



Fig. 4.1 A. Two views of compacted ground or similar soil conditions. Leg located central of mud sill.
B. On concrete a base plate is necessary but the mud sill may be omitted.

حفاظتی گیر:

مچان کے لیےحفاظتی پٹی اورحاصل کردہ حفاظتی قطعہ اراضی استعمال کیا جاتا ہے۔کام کےدایرہ کےلحاظ سے اضافی حفاظتی گیر کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔



کرین کا محفوظ استعمال اورسامان کو اٹھانا:

عام

کرین، اےفریم، سائڈ بیمز اورسامان اٹھانے کے دوسرے اوزارکو ہمیشہ بہترین حالت میں رکھنا چاہیے- بغیر معائنہ کیے ہوے اور کرین چلانے کی منظوری کے لئیے ضروری ایس بی جی (SBG) اسٹیکرس چسپاں کیے بغیرکرین کا استعمال نہ کیا جائے -

بھاری آلات کے معائنہ کار کی تصدیق کردہ ریکارڈ کی دیکھ بھال کی ذمہ داری پروجکٹ سیفٹی آفس پر ہو گی -

آپریٹر کو لایسنس یافتہ ہونا چاہیے اور اس کے پاس استعمال کردہ کرین کالائسنس اور اس کرین کو چلا نے کا صداقت نامہ ہونا چاہیے- آپریٹر کی تعلیمی قابلیت کی نقول سیفٹی سائٹ آفس پر جانچ اور تصدیق کے لئیے دستیاب رہنا چاہیے -

شعبۂ درستی آلات (Equipment Department maintenance) میں کرین چلانے کی ریکارڈ بک کا اہتمام کیا جانا چاہیے -

جب کرین بے کار اور ناقابل استعمال ہوجائے تب ہک کو مکمل طور پر اٹھا لینا چاہیے - یا گراونڈ پر رہنے دیا جانا چاہیے اور پارکنگ بریک کو مصروف رکھا جائے -

کرین اُٹھانے کے عمل میں کرین کے سہارا تختہ (Outrigger) کو مکمل طور پر وسعت دی جائے گی اور سہارا تختے کے بنیادی بیڈ کو ہموار میدان پر رکھا جائے گا -

صاف میدان پر سہارا تختہ کو سہارا دینے اور مشین (کرین) کو مناسب سطح پر لانے کے لئے لکڑی کی چٹائیاں مہیا کی جائیں -

کرین کے اٹھانے کے عمل کے دوران اس کی متعینہ استعداد سے تجاوز نہ کریں جس کا خاکہ کرین موڈ چارٹ میں پیش کیا گیا ہے جیسے واضح طور پر آپریٹر کے نشست پر رکھا گیا ہے -

تیز اور زناٹے دار ہوائوں میں کرین کو نہ چلائیں ۔اگر ممکن ہوسکے تو کرین کے کھونٹے (Boorn) کو گرائونڈ کی جانب لے جائیں اور افقی طور پر محفوظ کرلیں ۔

کام کااجازت نامہ :

جب کبھی کرین کو پلانٹ میں موجودہ پائپ لاینوں یا پاور لائنوں سے صرف 6.5 میٹر کی دوری کے اندر استعمال کرنا ہو تو کام کا اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔

اونچی برقی لائن :

جب کبھی کرین کو اونچی برقی لائن سے قریب کرنے کی ضرورت پڑےتو تار سے کم از کم ٦.٥میٹر کا فاصلہ برقرار رکھا جائے۔ بالفرض قریبی فاصلہ نا گزیر ہو نے کی صورت میں خصوصی احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں ۔جیسے سیفٹی آفیسر اور نگران۔ بادبان دونوں اس کام کی منظوری پر دستخط کریں ۔ایک ذمہ دار فرد کو آپریٹر کی رہنمائی و کرین کے کسی جزو کے برقی لائن کو مس کرنے پر قابو پانے کا کام سپرد کیا جائے ۔

کرین آپریٹر:

کرین آپریٹر کے پاس سعودی عرب ہیوی اِیکو پیمینٹ لائسنس ہو اور وہ کرین چلا نے کی تربیت پایا ہوا ہو اور اس کے امتحان بھی میں کامیاب ہو۔

کرین کے طویل کام کے دوران ایک مناسب لائسنس اور تربیت یافتہ ریلیف آپریٹر (امدادی) فراہم کیا جائے گا۔

کام کا محفوظ دباو:

تمام کرینونمیں ایک 'لوڈ چارٹ ' منسلک ہوگا جو ہر نصف قطر اور نقل پذیر اسٹینڈ کی لمبائی کے لیے کام کے محفوظ دبائو کو ظاہر کرتا ہےیہ آپریٹر کی نشست کے اندر رکھا جائے گا ۔ ہر کرین کو مناسب دباو کے نصف قطر کے انڈیکیٹر کے ساتھ لیس کیا جائے گا جو آپریٹر کو اس کی نشست سے نظر آے گا ۔

عملی کام :

کوئی بھی کرین مضبوط اور مناسب طور پر ہموار جگہ چلائی جائے گی ۔

کم از کم دو طرح کے مکمل تار چھوڑیں جائیں اور کیبل ڈرم مکمل طور پر پھیلے ہوئے ہوں ۔

ٹرک سے جڑےہوےکرین کواس وقت استعمال کیا جاے گاجب تمام شہیتری تختے مکمل طور پر پھیل جائیں گے اس وقت یہ صرف اُٹھائے جانے کے کام کے لئے استعمال ہوگا ۔

آپریٹراس بات کو یقینی بناے گا کہ مناسب جگہ دستیاب ہے اور جب کرین ہک (Hook) کو حرکت دے رہا ہو تب

کوئی بھی کرین کے اُٹھائے گئے وزن کے قریب نہیں ہے
-

آپریٹر ایک جڑے ہوئے تار کے اشارے پر ہی کام کرے گا ۔ اُٹھانے کے عمل کے دوران اگر دو افراد مدد کر رہے ہوں تب کوئی ایک فرد ہی آپریٹر کو اشارہ دے گا۔

وزن میں تخفیف یا اسے قابو میں رکھنے کے لئےہر وقت طنابیں (Rigger) اپنے آخری سرے کو استعمال کریں ۔ اس مقصد کے لئے تین سے چار میٹر لمبی نائلن کی رسی اس وزن کے دونوں مقابل سمت میں جوڑدی جائے گی ۔

وزن کو بازو ونکی جانب سے نہیں گھسیٹا جائے گا کیونکہ بازووں کی جانب بیرونی دباوپڑنے کی وجہ سے ہُک گِر سکتا ہے ۔وزن کو حتمی طور پر اُٹھا ئے جانے سے پہلے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ اس وزن کو مناسب طور پر رسی سے جڑا گیا ہے وزن اُٹھا نے کی ایک دفعہ مشق کر لینی چاہئے۔ وزن اوپر کی جانب لے جاتے وقت بریک کوتھامتے ہوئے توازن کو برقرار رکھا جائے ۔

کرین آپریٹر وزن خالی کرانے کے دوران کنٹرول کیبل (کرین کو قابو میں کرنے کی جگہ) نہیں چھوڑے گا اور نہ ہی کام کے دوران مشین کو سدھارنے ، درست کرنے یا اس میں تیل یا گریس ڈالنے کی کوشش کرے گا ۔

کرین کے تختے-رسّوں اوردونوں بلاکوں میں موجود اُٹھانے والے ہُکوں کو احتیاط سے جوڑا جائے گا یا انہیں منہ کی جانب کھلنے والی جگہ سے ہٹا دیا جائے گا تا کہ وہ پٹہ اپنی جگہ سے نہ ہٹ سکے ۔

کسی کو بھی کرین کے ہُک ، تختے اور اس کے ڈھانچہ یا وزن اُٹھائے جانے کی جگہ پر سوار ہو نے کی اجازت نہیں ہوگی ۔

طنابیں ! پال Rigging

کم از کم ہر چھ ماہ میں طنابوں کے تمام اوزاروں کا معائنہ کیا جائے گا اور اس کی رپورٹ مکمل کرکے طنابوں کے نگران دفتر (Rigging Superintendent office) میں داخل کر دی جائے گی ۔

خراب یا بیکار ہک ، پہیے (Rings) ، کڑیاں ، زنجیر ، وائر یا فائبر کی رسیاں اور پٹوں کو ناپید کر دیا جائیگا اور جاری کام کے مقام سے انہیں ہٹا دیا جائے گا ۔

نہ ہی زنجیر کو مختصر کیا جائے گا اور نہ ہی اسے بولٹ استعمال کرتے ہوے درست کیا جائے گا ۔

وائر کی رسیوں کو باندھا نہیں جائے گا اور بل دار ، پیچ کھائی ہوئی ،پرندوں کے پنجروں میں استعمال شدہ اور خراب یا مسخ شدہ رسیاں کرین اُٹھانے کے عمل کیلئے استعمال نہیں کی جائیں گی ۔

دیگر موثر آلات کے ذریعہ سے ہمیشہ کڑیوں اور

تالوں کے جوڑنے کا کام کیا جائے گا ۔ ڈرفٹ پن اور دیگر منتقل ہوسکنے والے آلات کا کسی بھی حال میں استعمال نہیں کیا جائے گا ۔

کڑیوں کو مناسب پنوں کے ساتھ ہی استعمال کیا جائے گا ۔ ربر ، اسٹیل کے ملائم لاٹ (بولٹ)اور اِسی طرح کی دیگر اشیاء کڑیوں کے پنوں کو تبدیل کرنے کے لئے نا قابل قبول ہوں گی ۔

ملائم گر (softener) کے ذریعہ،تیز دھار والی چیزوں سے، رُواں (Singes) کی حفاظت کی جائے ۔

جب کوئی وزن بیشمار پایوں (پیروں)کے پٹوں پر اُٹھا یا جاتا ہے ۔ توپایوں کو ہموار انداز میں لٹکا یا جائے گا ۔اور اسے وزن کے مرکز یا کشش ثقل کے ساتھ ہم آہنگ ہونا چاہیے ۔ کرین اُٹھانے کے کاموں کے لئے جہاں تک ممکن ہوسکے زنجیروں کا استعمال نہیں ہوگا ۔ ہمیشہ صرف وائر سے بنی رسیاں ہی استعمال کی جائیں گی ۔

جہاں لوگوں کو آدمی کو اٹھائی جانے والی ٹوکری میں بٹھایا جائے ' تب توثیق شدہ انسان' کو بٹھا کر اُٹھائی جانے والی لفٹ استعمال کی جائے ۔ اس عمل کو انتہائی توجہ کے ساتھ انجام دیا جانا چاہیے ۔ اس کا مناسب معائنہ کیا جائے اور اس کومکمل طور پر کام کرنے کی حالت میں ہونا چاہیے ۔

میکانیکی سامان :

ایک مناسب و موزوں تربیت یافتہ آپریٹر کو ذمہ داری تفویض کرتے ہوئے اور جس مقصد کے لئے مشین بنائی گئی ہے اُسی کے مطابق کام کرتے ہوئے میکانیکی سازو سامان کی حفاظت کی جاسکتی ہے ۔

تمام آلات کی مناسب توجہ کے ساتھ دیکھ بھال کرنا چاہیےاوران ساز و سامان کو بنانے والے نے ان کے متعلق جو سفارشات کی ہیں ان کے مطابق محفوظ حالت میں انہیں چلانے کا مناسب انتظام کرنا چاہیے ۔

ان ساز و سامان کے انتقال پذیر پُرزوں کی نگرانی کی جائے ۔ اس کا انطباق گھومنے والے دُھرے، مواصلات ، چرخیاں ، گھومنے والے وی پٹے ، پنکھے اور دیگر گھومنے والی اشیاءکے علاوہ آگے پیچھے حرکت کرنے والے مشینی اجزاپر ہوتا ہے ۔

لکڑی پر کام کرنیوالی مشین کو مناسب اور قابلِ حفاظت طریقہ سے فٹ کرنا چاہیے ۔ دو شاخہ چاقو اور سہارے کی لکڑی فراہم کی جایئں گی۔

بلڈوزر کی پتیاں' اسکریپر ایروز (Scrapper Arrows) ایکسکیویٹر بومز (کھدائی کا چول دار کھونٹا) اور ٹیپّر کی باڈی کو استعمال کے بعد نیچے کردیں اگر ان پر زوں کو اوپر کی جانب اُٹھانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہو تو درستی کے پیش نظر انہیں روک دیا جائے گا ۔

رُکی ہوئی گاڑیوں کو جب کھینچ کر لے جانے کی ضرورت پڑنے پر مناسب تا ر کے ساتھ کھینچ کر لے جانے والی سلاخ مہیا کی جانی چاہییے۔ زنجیر اور نائلون کی رسیوں کے استعمال کی اجازت نہیں ہوگی ۔ ایندھن بھرنے سے پہلے یا درستی کے دوران تمام انجنوں کو بند کر دینا چاہئے ۔ تنگ جگہ پر آلات کو نہ چلائیں ۔

اندرون آتش پذیر چنگاریوں کو روکنے والے آلات کے ساتھ تمام انجنوں کو جوڑنا چاہیے خاص کر ان انجنوں کو جنہیں حد بندی کے علاقوں میں استعمال کرنا ہو۔

ہر طرح کے میکانیکی آلات میں مسافروں کو آنے کی اجازت نہیں رہے گی ، ہر شفٹ کے آغاز سے پہلے آپریٹر کو ،تیل ، پانی ، آبی سطح ، گیج ، حفاظتی پرزے، لِمٹ سوئچس وغیرہ کو چیک کر لینا چاہیے ۔ اُسے ان آلات پر کام شروع کرنے سے پہلے اسے اس بات کو بھی یقینی بنا نا چاہیے کہ حد بند علاقوں میں تصدیق شدہ کام کرنے کا پروا نہ ہے یا نہیں ۔

نقل و حمل Transportation:

لائسنس

جس قسم یا درجہ کی گاڑی ڈرائیور چلا رہے ہوں ان کے پاس اس سے متعلق مصدقہ لائسنس کا ہونا ضروری ہے ۔ لائسنس اور سرٹیفکٹ کی نقول کو پراجیکٹ سیفٹی آفس میں داخل کرنا ہوگا ۔

ٹریفک کے قاعدے Traffic Regulations

تمام ڈرائیوروں کے پاس مصدقہ لائسنس کا ہونا اور سلطنتِ سعودی عربیہ کے ٹریفک کے اُصول و ضوابط سے واقف ہونا ضروری ہے۔ ہر ڈرائیور کو یہ جان لینا چاہئے کہ سیٹ بیلٹ مناسب طور پر لگائیے گئے ہوں اور گاڑی میں تمام مسافروں کو اچھی طرح بٹھایا گیا ہو ۔ کسی بھی مسافر کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ گاڑی کے کُھلے حصہ پر بیٹھے، ٹرک کے گدے اور گاڑی کےاندر کسی دوسری قسم کے آلات وغیرہ پر سوئے ۔

گاڑیوں کو پارکنگ کے لیےان کی مختص کردہ جگہ پر ٹھہرانا چاہیے اور انہیں دوسری گاڑیوں، آگ بجھانے والےآبی آلے اور ناگہانی حالت میں نکلنے کے راستوں میں رکاوٹ کا باعث نہیں بننا چاہیے۔

کمپنی کی گاڑیوں کی مناسب شناخت اس کے تمام یونٹوں کی سمتوں میں SBGکے نمایاں طور پر کندہ شدہ نشان سے کی جائے گی ۔

زخمی یا نقصان ہو نے کی اطلاع :

ہم اس بات کویقینی بنایں کہ درج ذیل معاملوں میں فوری زبانی اطلاع اور ابتدائی تحریری اطلاع کمپنی کے نمائندے کو دیں گے۔

- مہلک طور پر زخمی یا بیمار ہو ۔

- طبی طور پر توجہ کے حامل زخم جوزیادہ وقت کےطالب ہوتے ہیں ۔
- ہمارے منصوبے یا آلات کو ایک لاکھ روپیے سے زائد نقصان کی صورت میں
- SBG کے آلات یا اِملاک کو کسی بھی طرح کے نقصان پر ۔
- آگ لگنے پر
- بشمول کرین اور بھاری آلات کو کسی بھی طرح کے نقصان یا حادثات پر

(G. 17.026)

ایسے حادثات جس میں ٹھیکے دار ملازم کی جان کو خطرہ ہویا اُسے کاری چوٹیں آئی ہوں یا SBGکے اِملاک کے نقصان کی صورت میں ایک تحریری رپورٹ (بشمول SBGفارم ٦٤٣٧جہاں قابل اطلاق رپورٹ بر وقت کمپنی کے نمائندے کے پاس داخل کر دی جائے گی)

ہم حادثات کے اندراج کا ریکارڈ مناسب وقت میں SBGکی جانب سے کئے جانے والے معائنہ کے لیے رکھیں گے ۔

کھدائی (Excavation)

ہم اس بات کویقینی بناسکتے ہیں کہ کھدائی کے تمام کام GI 1021.000کی ضروریات کے مطابق انجام دئیے جائیں گے ۔

کھدای کی سرگرمیونکے ساتھ منسلک اہم خطرات موجود زیر زمین سہولتوں کے ساتھ لگے ہیں مثلاً زیر زمین بجلی ، گنداب ، پانی ، ٹیلی فون وغیرہ ۔ نقصان اور حادثاتی طور پر زخمی ہونے سے بچانے کے لیے جس میدان پر کھدائی کا کام کیا جانے والا ہے اس کا مکمل جائزہ لیا جائے اس طرح سہولتوں کے باعث پہنچنے والے نقصانات کو کم کیا جا سکتا ہے ۔ چار فٹ یا زمین سے زیادہ کی کھدائی پر سہارے کی دیوار کو گرنے سے بچانے کے لیے SBGکی جانب سے شورنگ، بنچجگ یا سلوپنگ کے طریقوں کو استعمال کیا جائےگا ۔

کھدائی کے مقامات پر مزدوروں اور معائنہ کاروں کو٤فٹ یا اس سے زیادہ گہرائی تک پہنچنے کے لیےسیڑھیاں رکھی جائیں گی۔ کھودے گئے مٹیریل کو کھدائی کے مقام سے تین فٹ دوری کے فاصلہ پر رکھا جائے گا تا کہ خراب میٹریل دوبارہ گرنا پائے ۔

اگر طویل مدتی تعمیری سرگرمیوں کے لیے کھدای کے کام کم کو کھلا چھوڑنا پڑ رہا ہو تواس علاقے کو گھیر لیا جاے۔

کھدائی کے کسی کام کے آغاز سے پہلے کھدائی کی اجازت اور خصوصی منظوری حاصل کی جائے گی ۔

آگ سے تحفظ (prevention Fire)

<u>آگ سے بچاو کے اُصول و ضوابط :</u>

نگران تحفظ آگ :

کمپنی نگراں کو دفتر ، گودام ، ورکشاپ وغیرہ جیسی سہولتیں فراہم کرے گی اور پراجیکٹ منیجر کے پاس ان کے نام درج کرے گی۔ مذکورہ نگراں تحفظِ آگ مکمل طور پر آگ کے متعلق درج ذیل اُصول و ضوابط کو متعلقہ علاقے میں مناسب طور پر عمل آوری کا ذمہ دار ہوگا ۔

آگ کا معائنہ :

نگرا ں تحفظ آگ روزانہ کام کے سارے علاقوں ، دفاتر ، گودام اور ملازمین کے انتظارگاہوں(Waiting Rooms) کا معائنہ کرے گا۔

آگ کے متعلق اِطلاعات

آگ ، چاہے کتنی ہی معمولی ہو اس کی بر وقت اطلاع پراجیکٹ منیجر کو دی جائے گی۔

پروجیکٹ منیجر آگ لگنے کی وجوہات کی تحقیقات کرے گا اور دوبارہ آگ نہ لگے اس کے لیے مناسب اقدامات کرے گا ۔ جوں ہی ضروری تحقیقات مکمل ہوجائیں گی ایک تحریری رپورٹ متعلقہ افراد کو سونپی جائے گی ۔

ضرورت پڑنے پر کمپنی کے مالک یا مقامی متعلقہ عہدہ دار سے ربط صرف پروجیکٹ منیجر یا اس کا نمائندہ قائم کرے گا ۔

<u>آگ سے تحفظ</u>

کام کے دوران درج ذیل عمارتوں ، میدانوں ، یا دُکانوں کو آگ بجھانے کے آلے فراہم کئے جائیں گے ۔

١. دفاتر ، گودام ، ویٹنگ رومس ، ورکشاپ ، بڑھائی کی دُکانیں ، گیریج وغیرہ

٢. زیر تعمیر ! عمارتیں ۔

٣. ویلڈنگ ! کٹنگ کے علاقے اور ۔

٤. پروجیکٹ منیجر یا سیفٹی منیجر کی جانب سے مخصوص کردہ دیگر علاقے ۔

بے شمار افراد کو آگ بجھانے کے آلہ میں طبی امداد کے استعمال کی تربیت دی جائے گی ۔ ناگہانی صورت حال کے علاوہ آگ بجھانے والے عملہ اور دیگر آگ کا مقابلہ کرنے والے آلات کو ان کے متعینہ مقام سے دوسرے مقام پر منتقل نہیں کیا جائے گا۔ آگ مزاحمتی آلات کے استعمال کی اطلاع فوری طور پر سیفٹی سوپروائزرس کو دی جائے گی ۔گاڑیاں ، آلات ، اشیاء و دیگر چیزوں کو سُرخ رنگ سے رنگ دیاجاے گااور انہیں نشان زد کیا جائے گا ۔

صرف آگ کے لئے :بیارلوں کو ہر وقت جاری کام کے مقام پر رکھا جاے گا۔ در ج ذیل ضروریات کے پیش نظر آگ سے بچائو اور تحفظ کی تعمیل کی جائے گی۔

A. SBGکے تمام ملازمین اپنے کام کے حدود کے علاقوں میں آگ سے بچاو کے مثبت اقدامات کریں گے۔

B. ہر وقت خدمت کے قابل حالت میں آگ سے بچائو یا اسے بچا نے کی خاطر جاری کام کے مقامات تک رسائی کی جائے گی۔ اس طرح کی رسائی آگ مزاحمتی بھاری آلات کے استعمال کے ذریعہ موزوں ہوگی ۔

C. ٹرک یا موٹر گاڑی کسی بھی عمارت کے حدود میں نہیں ٹھہرائی جائے گی ۔

D. جلائے جانے کے قابل بے کار چیزیں ، کوڑا کرکٹ اور تباہ شدہ چیزوں کے ملبے کو روزانہ ہٹایا جائے گا ۔

E. آگ مزاحمتی یا آگ سے تحفظ کرنے والے عارضی آلات استعمال کے فوری بعد تبدیل کیےجائیں گے ۔

F. کھلی آگ کی اجازت نہیں ہوگی ، اگر کام کے لیے آگ ضروری ہو ، تو یہ سپروائزر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ گرم کرنے کے تمام آلات جو سیفٹی منیجر کے تصدیق شدہ ہوں ، اور کام کرنے کی مناسب حالت میں ہوں اس کا ا نتظام کرے اور ہیٹرس Heatersچالو ہوں تب پورےوقت ان کی نگرانی کے لیےقابل و تربیت یافتہ افراد فراہم کرے ۔ گرم کرنے کے دستی آلات کو اوپر کی جانب سے بندکرنے کے قابل اجز یا ڈھکن ا پر مشتمل ہونا چاہیے ۔

G- آکسیجن ' ہائیڈروجن اور دوسری ویلڈنگ گیسوں کو جو دباو والے سیلنڈر میں ہوتی ہیں استعمال کی صورت میں اطمینان بخش حفاظت میں رکھا جائے گا ۔ جب کبھی سیلنڈر کو دوسری جگہ لے جانا ہوگا والو volve کے حفاظتی ڈھکن لگا کر انہیں محفوظ کیا جائے گا ۔ آئندہ استعمال کے لیے رکھے گئے اور خالی سیلنڈروں کو حفاظتی ڈھکن لگا کر محفوظ رکھا جائے ، اور انہیں گرنے سے بچایا جائے ، سیلنڈروں کو جب گاڑیوں میں لے جایا جارہا ہو تب انہیں عمودی حالت میں محفوظ جگہ رکھا جانا چاہیے ۔

آگ سے بچائو کے مخصوص رہنما خطوط :-

۱- آگ ، کھلے آگ کے شعلہ کے آلات وغیرہ کو بھڑک اٹھنے والی اشیاء کے قریب لے جانیکی اجازت نہیں ہوگی ۔ اگر خطرے کے مقامات پر کھلی آگ کے آلات کی ویلڈنگ درپیش ہو تو اس طرح کام کرنے کے لئے آگ بجھانے کے منظور شدہ آلات کو قرب و جوار کے کسی مقام پر دستیاب ہونا چاہیے ۔ ویلڈنگ کا کام شروع کرنے سے پہلے آگ مزاحمتی کمبل کا استعمال اور اس جگہ کو گیلا کرنا ضروری ہوگا ۔ اور شفٹ کے معائنہ کے بعد اس بات کا اطمینان ہوجانا چاہیے کہ آگ سے کوئی خطرہ نہیں ہے ۔

آگ بجھانے کے ذرائع و اقسام :-

بھڑکتی آگ کو آگ کی اقسام کی بنیاد پر تقسیم کیا جاتا ہے ۔ اس طرح اس کی چار قسمیں ہیں ۔ آگ کی تقسیم کو سمجھنے کے لئے اسے دو حصونں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ایک ایندھن جس سے آگ لگی ہے اور دوسرے متعلقہ آگ بجھانے کا آلہ ۔

آگ کی قسم	استعمال ہونے والا ایندھن	آگ بجھانے کے ذرائع
قسم (ا)	لکڑی ، کاغذ اور کپاس	پانی ، جھاگ اور سوکھے کیمیائی مادّے
قسم (ب)	تیل ، گریس ، کیمیائی مادے ، گیسولین، گیسیس ،	جھاگ ، کاربن ڈائی آکسایئڈ CO_2،سوکھے کیمیائی مادّے ہیلون
قسم (ج)	برقی آلات	CO_2،سوکھے کیمیائی مادّے ہیلون
قسم (د)	آتش گیرمادے، دھاتیں	سوکھا برادا، سوکھی ریت ، میگنیشم ، سوڈیم

نوٹ :- ہیلون کے استعمال سے صحت و ماحول کو نقصان (اوزون کی کمی) ہوتاہے اس لئے اس کی سفارش نہیں کی جاتی اسی لیے ہیلون کی مدد سے چلنے والے آگ بجھانے کے آلات کو آہستہ آہستہ ختم کرکے ہم CO_2سوکھے کیمیائی برادے وغیرہ کا استعمال آگ کی قسم (ج) کے لیے کرسکتے ہیں ۔

آگ بجھانے کے دستی آلے:

<u>دایرہ :-</u>

اس قسم کی ضرورتوں کا انطباق منتقلی ، استعمال، درستگی اور آگ بجھانے کے دستی آلات پر ہوتا ہے جو ملازمین کو کام کی جگہ عمارتوں اور بند ڈھانچوں میں استعمال کے لیئے فراہم کے جاتے ہیں ۔

<u>عام ضرورتیں</u>

a - منتقلی کے لائق آگ بجھانے کے آلات کو ایسی جگہ پر رکھا جائے جہاں سے ملازمین بغیر کسی تکلیف کے آسانی سے ان تک پہنچ سکیں۔

b- منتقلی کے قابل آگ کے آلات کو ہمیشہ چارج اور استعمال کی حالت میں رکھا جائے ۔

c - منتقلی کے قابل آگ بجھانے کے آلات کا انتخاب اور ملازمین میں تقسیم کے لیے درج بالا تقسیم کی ہدایات کے مطابق عمل کیا جائے اور اس بات کو بھی مدِ نظر رکھیں کہ نقصان کی شدت اور اس کے اثرات کی مناسبت کا اندازہ کرکے آلات کو تقسیم کیا جائے۔

d- منتقلی کے لائق آگ بجھانے والے آلات کی ہر ماہ زنگ یا دوسرے نقصانات کا اندازہ کرنے جانچ کرلی جائے۔ جانچ کی معلومات کو درج کر لیا جائے اور ضرورت پڑنے پر اندراج کے ایک سال بعد جانچ کے لیئے پیش کیا جائے۔

e- منتقلی کے لائق ان آلات کی ہر ماہ جانچ کرلیں تا کہ اس بات کا پتہ چل جائے کہ یہ حرکت کر رہے ہیں یا نہیں یعنی کہیں خراب تو نہیں ہوگئے اورپھر وہ اس وقت قابل استعمال حالت میں ہیں یا نہیں ۔

f- اگر ان آلات میں تعمیراتی تفصیلات کے مطابق کوئی میکانکی خرابی ہوتو ان کی آب قراری (Hydrostatically) جانچ کی جائے۔

g- جائے مقام کا محافظ ہی منتقلی کے آلات کی فہرست ، ترتیب ، جگہ اور ریکارڈ کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہوگا۔

h- منیجر کے ذریعے منتقلی کے لائق آگ بجھانے کے آلات کو فراہم کرنے والونیا تقسیم کرنے والوں کے پاس مناسب وقفوں کے ساتھانہیں دوبارہ تبدیل کرنے اوردوبارہ چمکانے کے لیےبھیجا جائے ۔

عمودی نلی اور نلی کا نظام : -

<u>اہمیت:</u>

پانی پہنچانے والی عمودی نلی یعنی وہ نلی جو عارضی طور پر تعمیرات کے وقت نصب کی جاتی ہے اس کی جانچ اور بحالی کی ضروریات پر اس پیراگراف میں بحث کی جائے گی ۔

پانی اور جھاگ کی وجہ سے لگنے والی الیکٹرک آگ کو بجھانے کے لیے کچھ احتیاط ضروری ہے۔ جیسے پانی برقی رو کی ترسیل کا بہتر ذریعہ ہے اس کے بجائے کچھ اور چیزوں کو استعمال کیا جائے مثلاً CO_2 ' ہیلون ' نائٹروجن وغیرہ۔

آلات کی جانچ و بحالی :-

a- ریلس(reels) اور کیبنٹ (cabinet)جس میں آگ کی نلی ہوتی ہے اس کا استعمال آگ کے آلات میں کیا جائے -

b- ہر نلی کا باہری حصہ آگ کی نلی کے ساتھ جڑا ہوا ہو اور استعمال کے لیی تیار ہو -

c- عمودی نالی کی نلی پر مناسب کھول بند لگے ہوں .

d- پانی فراہم کرنے والی ٹنکیاں مناسب سطح تک بھری ہوئی ہوں (سوائے درستی کے کام کے وقت)۔ اور مناسب دبائو کو قائم کیا جاسکے -

e- اہم پائپ کے جوڑ میں لگیدر کیلیے خود کار پانی کے ذرائع سے پانی کی مکمل فراہمی ہر وقت سوائے درستی کے کام کے ہوتی رہے -

f- پورے نظام کی جانچ کم از کم سال میں دو بار کرائی جائے اور یقینی بنایا جائے کہ تمام آلات اور نلیاں استعمال کے لائق ہیں اور کام کے لیی مفید ہیں -

g- اگر کوئی آلہ کا پرزہ مفید نہ ہو تو اسے فوری نکال دیا جائے اور دو سرا حفاظتی پرزہ لگایا جائے -

h- نلی کی میکانکی خرابی اور اسے متعین کرنے کے لیئے پورے نظام کی جانچ کسی ماہر نامزد فرد سے کرائی جائے -

i- عمودی نلی کو دھاتی پنجرے ' رکاوٹی کھمبوں کے ذریعے محفوظ کیا جائے - اگر کھڑی نلی میں شگاف ہو ' مڑ جائے ' ٹوٹ جائے ' جس سے پانی کی رفتار میں رکاوٹ ہو یا کوئی دریا چاکِ در نکال دیا گیا ہو یا ٹوٹ گیا ہو تو عمودی نلی کو نا قابل استعمال قرار دیا جائے گا -

خود کار چھڑ کاو نظام

اہمیت:

نصب کردہ چھڑ کاو آلے کی جانچ و درستی درج ذیل پیراگراف میں بتائے گئے طریقے کے مطابق کریں -

عام ضرورتیں

تمام خود کار چھڑکاو آلات کے لیے ضروری ہے کہ وہ ،خواہ ہایڈرالک ہوں یاپائپ شیڈول ، مناسب انداز میں مادہ کو خارج کرنے کے علاوہ کثافت اور پانی کے بہاو کی خصوصیت کا احاطہ کرنے کے قابل ہوں اورخصوصی کام کے مقام پر یا ذیلی کام کے مقام پر اچھی طرح استعمال ہوسکیں۔

قابل قبول جانچ :

آلات بنانے اور فراہم کرنے والی کمپنیوں کی جانب سے دی گیی تفصیلات و سفارشات کے مطابق‌نصب کردہ چھڑکاو نظام برائے ملازمین و مکین کےلیے مناسب قبولیت جانچ کرائی جائے ۔ مناسب قبولیت جانچ درج ذیل چیزوں پر مشتمل ہو ۔

۱۔ زیر زمین جوڑ کی صفائی

۲۔ پائپ میں لگے آب قراری (ہائیڈروسیٹیک) نظام کی جانچ

۳۔ خشک پائپ میں ہوا کی جانچ

٤۔ نکاسی کی سہولیات کی جانچ

دیکھ بھال:

ہر خود کار چھڑکاو نظام کے لیےپانی کی خود کا ر فراہمی کو یقینی بنایا جائے ۔ جس میں ۳۰منٹ تک پانی روانرہ سکتا ہو ۔

الف ۔ خود کار چھڑکاو آلہ کی اوپری سطح کو گھس جانے سے محفوظ رکھا جائے ۔

ب۔ صرف تسلیم شدہ چھڑکاو آلات ہی استعمال ہوں ۔

ج۔ خراب چھڑکاو آلہ کو اسی طرح کے دوسرے چھڑکاو آلے سے تبدیل کرلیں ۔

آگ کا پتہ لگانے کا نظام

آگ کا پتہ لگانے والے تمام نظام اور اس کے اجزاء کو تیار حالت میں رکھا جائے تا کہ انتباہی گھنٹی پر انہیں فوری استعمال کیا جاسکے ۔ غیر ضروری آلات یا وہ آلے جو آ گ بجھانے کی جگہوں پر خراب ہوجاتے ہیں انہیں ذخیرہ گاہ میں رکھا جائے تا کہ انہیں درست کیا جاسکے ۔

درستی اور جانچ

حساس اور قابل اعتماد آلات کو جو آگ کا پتہ لگانے میں مدد دیتے ہیں ہمیشہ درست اورقابل استعمال حالت میں رکھا جائے ۔

آلہ کی سرویسنگ ، جانچ اور بحالی و درستگی کسی ماہر فرد سے کرائی جائے جو اس کا خاص علم رکھتا ہو ۔

آگ پتہ لگانے والے آلات کو میکانکی اور طبعی اثرات سے محفوظ رکھاجاے اور گھسنے سے بچایا جائے ۔

مزید یہ کہ آلہ بنانے والوں کی طرف سے بتائے گئے معیاد ی وقفونکے مطابق دھول و گندگی سے پاک و صاف کرتے رہنا چاہیے ۔

انتباہی گھنٹی کا نظام

عام ہدایات

کام کی جگہ پر بستی میں کوئی جان لیوا خطرہ ہو تو اس سے آگاہ کرنے کے لیے مناسب گھنٹیوں کا نظام ہونا چاہیے ۔

متاثرہ علاقے یا بستی میں گھنٹی کی گونج یا خطرہ کی علامتی روشنی ملازمین پر واضح ہونی چاہیی ۔ جو لوگ آواز یا بصارتی خطرہ کی علامتوں کو نہیں سمجھ سکتے ان کے لیے کوئی دوسری ترکیب اپنانی چاہیے ۔

ناگہانی صورت حال کی اطلاع کرانے کے اہم ذرائع جیسے ادستی ڈبّہ -کھینچ گھنٹی یا ٹیلیفون وغیرہ کے استعمال سے ملازمین کو واقف کرایا جائے۔ مزید یہ کہ ناگہانی صورت میں استعمال ہونے والے ٹیلیفون نمبرکے اشتہارات جگہ جگہ لگائے جائیں بالخصوص فون کے قریب ، نوٹس بورڈاور دیگر اہم جگہوں پر وغیرہ۔

گھنٹی کے نظام کو جہاں تک ممکن ہوسکے جانچ یا استعمال کے بعد فوری بحال کرکے آئندہ کے لیےتیار رکھا جائے ۔

اسٹاک شدہ یا زائد الارم و گھنٹیوں اور اس کے اجزاء کو ہمیشہ درست کرکے مناسب وقت استعمال کرنے کے لی تیار رکھیں ۔

درستی اور جانچ

تمام گھنٹیاں استعمال کی حالت میں برقرار رکھی جائیں ۔

ہمیشہ بھروسہ و قابلیت کی جانچ وقفوں سے کرائی جائے جیسے کہ احتیاطی بحالی جانچ (PMI) میں بتایا گیا ہے ۔

ہمیشہ دوسرے محرکائی آلات کا استعمال کیا جائے تا کہ مسلسل یکے بعد دیگرے ایک ہی آلہ کا استعمال نہ ہو۔

بجلی کے پہنچانے کے انتظام کو ہمیشہ برقرار رکھیں تا کہ ہمیشہ استعمال کی حالت میں رہ سکے ۔

بجلی کی ناکامی کے صورت میں متبادل ذرائع کو ہمیشہ تیار رکھا جائے ۔

گھنٹی کے ساتھ جوڑے ہوئےدستی ڈبہ کھینچ کوآسانی سے مہیا ہونا چاہیے اور وہ ہررکاوٹ سے پاک ہوں۔

آگ سے بچنے کی تدابیر

سگریٹ نوشی ممنوعہ علاقے

جن علاقوں میں "سگریٹ نوشی ممنوعہ علاقہ " کا نوٹ لگا یا ہوا ہے وہاں سگریٹ نوشی سخت منع ہے۔

صفائی کی ہدایات

تمام تعمیراتی علاقے آفس ، انتظار گاہ اور ذخیرہ گاہیں روزانہ صاف کی جائیں ۔تمام مہملات ، کاغذات ، اور چورا تعمیراتی کام کے پاس سے صاف کیا جائے تا کہ تیز رفتار ی سےاور اچانک لگنے والی آگ سے بچا جائے ۔

تیل و پینٹ وغیرہ کی گندگی کو روزانہ خاص کچرے دانوں میں ڈال دیا جائے ۔اگر گریس گررہاہو یا رس رہاہو تو اسے فوری طور پر ریت سے ڈھانک د یں یا پانی ڈال کر صاف کردیں۔

حرارت / ٹھنڈا کرنے کے آلات

